آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 33 | بروز جمعہ 08 جنوری 2021ء بمطابق 23 جمادی الاول 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 08

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	6:00
ظہر	1:45
عصر	4:00
مغرب	5:40
عشاء	07:00
اہل تشیع فجر صبح	05:45
اہل تشیع ظہرین	12:30
اہل تشیع مغربین	6:15

مچھ واقعہ ہزارہ برادری کا دھرنا جاری کوئٹہ میں شٹر ڈاؤن ہڑتال

10 کان کنوں کے قتل کے خلاف لواحقین اور ہزارہ برادری کا کوئٹہ کے مغربی بائی پاس پر اپنے پیاروں کو یاد کرتے لواحقین اور ہزارہ برادری کے افراد مجھوں کے ہمراہ دھرنے میں موجود ہیں

صوبہ میں جگہ جگہ سیکورٹی فورسز کی چیک پوسٹیں ہیں ہر جگہ عوام کی چیکنگ کی جاتی ہے غریب کانکن بچوں کا پیٹ پالنے کے لئے اتنی دور کام کرتے ہیں ہم کب تک خاموشی سے اپنے پیاروں کی لاشیں اٹھاتے رہیں گے

مظاہرین نے مطالبات کی منظوری تک دھرنا جاری رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ گزشتہ روز وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان بھی دھرنے پر پہنچے اور شرکاء سے مجھوں کی تدفین کی درخواست کی لیکن ان کی کوششیں بھی بارآور ثابت نہ ہوسکیں

کوئٹہ (آن لائن) مچھ واقعہ ہزارہ برادری کی جانب سے پانچویں روز بھی مجھوں کے ہمراہ دھرنا جاری رہا۔ جمعرات کے روز بلوچستان کی خون جما دینے والی سردی کے باوجود مچھ کی کوئلہ فیلڈ میں کام کرنے والے 10 کان کنوں کے قتل کے خلاف لواحقین اور ہزارہ برادری کا کوئٹہ کے مغربی بائی پاس پر اپنے پیاروں کو یاد کرتے لواحقین اور ہزارہ برادری کے افراد مجھوں کے ہمراہ دھرنے میں موجود ہیں۔ دھرنے میں خواتین، بچے اور بزرگ شہری بھی شامل ہیں۔ مظاہرین نے مطالبات کی منظوری تک دھرنا جاری رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ گزشتہ روز وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان بھی

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان امن وامان کے حوالے سے منعقدہ اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان کی زیرصدارت جوائنٹ انویسٹی گیشن کمیٹی تشکیل دینے کا حکم

صوبے میں امن وامان کی صورتحال اور مچ سانحہ اور اس کے بعد کی صورتحال پر غور کیا گیا' ڈپٹی کمشنر کچھی کو فوری طور پر عہدے سے ہٹانے کا نوٹیفکیشن جاری کردیا

محکمہ معدنیات اور محنت و افرادی قوت کی جانب سے کانوں میں ناقص حفاظتی انتظامات اور وہاں کام کرنیوالے مزدوروں کا ڈیٹا مرتب نہ ہونے کے حوالے سے بھی برہمی کا اظہار کیا گیا

کوئٹہ میں وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی زیرصدارت امن وامان سے متعلق اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں وزیراعلیٰ نے فوری طور پر سانحہ مچ کے حوالے سے جوائنٹ انویسٹی گیشن کمیٹی تشکیل دینے کی ہدایت کردی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی زیرصدارت امن وامان سے متعلق اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں وزیراعلیٰ نے فوری طور پر سانحہ مچ کے حوالے سے جوائنٹ انویسٹی گیشن کمیٹی تشکیل دینے کی ہدایت کردی جبکہ چیف سیکرٹری بلوچستان نے سانحہ مچھ میں غفلت برتنے پر وزیراعلیٰ کی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر مچھی کو فوری طور پر عہدے سے ہٹانے کا نوٹیفکیشن جاری کردیا۔ تفصیلات کے مطابق جمعرات کو وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی زیر صدارت اجلاس میں صوبے میں امن وامان کی صورتحال اور مچ سانحہ اور اس کے بعد کی صورتحال پر غور کیا گیا اجلاس میں محکمہ معدنیات اور محنت وافرادی قوت کی جانب سے کانوں میں ناقص حفاظتی انتظامات اور وہاں کام کرنیوالے مزدوروں کا ڈیٹا مرتب نہ ہونے کے

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

اسلام آباد وزیراعظم جاپان کے وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی معاشی سفارت کاری کے فروغ اور انٹیگریٹڈ پالیسی کے حوالے سے اسٹریٹیجک ممالک کے سفیروں سے ملاقات کررہے ہیں

وزیراعظم کا کوئٹہ آنے کے حوالے سے کوئی حتمی فیصلہ نہ ہوسکا

ممکن ہے کہ سیکیورٹی خطرات کی وجہ سے ان کی روانگی کا وقت خفیہ رکھا جائے

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) وزیراعظم عمران خان نے سانحہ مچھ پر اہم مشاورتی اجلاس کیا جس میں وزیراعظم کی کوئٹہ متوقع روانگی پر بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں ملکی سیکیورٹی صورتحال، قومی امور کا جائزہ اور مچھ متاثرین کو معاوضے کی ادائیگی سے متعلق بھی

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

پاکستان مچھ سانحے میں جاں بحق 7 افغان شہریوں کی لاشیں افغانستان منتقلی میں معاونت کرے، افغانستان

معلومات میں افغان کان کن رسول داد غلام علی ٹھیکے میں محفوظ رہا، معلومات میں رسول داد غلام علی اس وقت بلوچستان میں زیر حراست ہے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) افغان سفارتخانے نے وزارت خارجہ کو ایک اور مراسلہ لکھ کر کہا ہے کہ پاکستان مچھ سانحے میں جاں بحق 7 افغان شہریوں کی لاشیں افغانستان منتقلی میں معاونت کرے۔ مراسلہ کے مطابق مچھ میں حالیہ دہشت گردی کے واقعے میں 11 کان کن

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

وزیراعظم کوئٹہ نہ آئے تو ہم علامتی جنازوں کے ہمراہ اسلام آباد کی جانب مارچ کریں گے، مجلس وحدت المسلمین کے رہنماء سابق صوبائی وزیر آغا محمد رضا

کوئٹہ (این این آئی) مجلس وحدت المسلمین کے رہنماء سابق صوبائی وزیر آغا محمد رضا نے کہا ہے کہ وزیراعظم کوئٹہ نہ آئے تو ہم علامتی جنازوں کے ہمراہ اسلام آباد کی جانب مارچ کریں گے، دھرنے کو ناکام بنانے کی سازشیں کرنے کی مذمت کرتے ہیں ایسے عناصر اوچھے ہتھکنڈوں سے باز رہیں، یہ بات انہوں نے کوئٹہ

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

منشیات کے روک تھام کے لئے ریسرچ پر زیادہ کام ہونا چاہیے، اعجاز شاہ

بہتر ریسرچ سے مدد لے کر مزید موثر اقدامات لئے جاسکتے ہیں، ٹریننگ میں مزید بہتری کے لئے بھرپور تعاون کریں گے، وفاقی وزیر

راولپنڈی (این این آئی) وفاقی وزیر انسداد منشیات بریگیڈیئر (ریٹائرڈ) اعجاز شاہ نے کہا ہے کہ منشیات کے روک تھام کے لئے ریسرچ پر زیادہ کام ہونا چاہیے، بہتر ریسرچ سے مدد لے کر مزید موثر اقدامات لئے جاسکتے ہیں، ٹریننگ میں مزید بہتری کے لئے بھرپور تعاون کریں گے

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

چمن وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے اسٹیبلشمنٹ محمد شہزاد ارباب چمن بازار کے دورے کے موقع پر صحافیوں سے گفتگو کررہے ہیں

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

پاکستان کو مشرق وسطیٰ کی سیاست سے نکلنا ہوگا، فیصل ایدھی

کوئٹہ (آن لائن) مرحوم عبدالستار ایدھی کے بیٹے فیصل ایدھی جمعرات کو ہزارہ برادری سے اظہار یکجہتی کے

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

میونسپل کمیٹی ڈیرہ اللہ یار کو کان سیکرٹری فنڈ کی عدم فراہمی 80 سے زائد ڈیلی ویجز ملازمین کو برخاست کردیا گیا

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) میونسپل کمیٹی ڈیرہ اللہ یار کو کان سیکرٹری فنڈ کی عدم فراہمی 80 سے زائد ڈیلی ویجز

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں کورونا وائرس کے 14 نئے کیسز رپورٹ جبکہ 10 مریض صحت یاب

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں کورونا وائرس کے 14 نئے کیسز رپورٹ جبکہ 10 مریض صحت یاب ہوگئے، محکمہ صحت کے کورونا وائرس آپریشن سیل کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق جمعرات کو بلوچستان کے پانچ اضلاع سے کورونا وائرس کے 14 نئے کیس رپورٹ ہونے کے بعد مجموعی طور پر متاثرہ افراد کی تعداد

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

ڈی پی آئی ایس پی کے مستحقین سے مزید 150000 روپے ہڑپ کرنے کا انکشاف ہوا ہے

ڈی (آن لائن) ڈی میں پی آئی ایس پی کے مستحقین سے مزید 150000 روپے ہڑپ کرنے کا

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

حکومت جلد از جلد فوری طور پر سانحہ مچھ کے شہداء کے قاتلوں کو گرفتار کرکے کیفر کردار تک پہنچائے، سید مراد علی شاہ

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ حکومت جلد از جلد فوری طور پر سانحہ مچھ

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

کوئٹہ: اقلیت بداخلی پھیلانے کی سازش ہے، بلوچستان کے امن کو کرپٹی کرپٹی کردیا گیا، مخدوم جاوید ہاشمی

جہانیاں (این این آئی) سینئر سیاستدان مخدوم جاوید ہاشمی نے کہا ہے کہ ملک میں خانہ جنگی کی سی کیفیت

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

سینیٹ انتخابات کے حوالے سے دائر کیا گیا صدارتی ریفرنس سپریم کورٹ کو گمراہ کرنے کی کوشش ہے، رضا ربانی

اسلام آباد (این این آئی) سابق چیئرمین سینیٹ میاں رضا ربانی نے کہا ہے کہ سینیٹ انتخابات کے

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

کابینہ کمیٹی برائے توانائی نے پاور ڈویژن اور وزارت آئی ٹی کو گیزہ ڈیزائن پر جدید تجاویز خیال کرکے مشترکہ تجویز پیش کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی اسد عمر کی زیر صدارت کابینہ کمیٹی برائے توانائی کا اجلاس

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

شاہ محمود قریشی کا قطر کے وزیر خارجہ سے باہمی دوطرفہ تعلقات اور خلیجی ممالک کے باہمی تنازعات کے حل کیلئے کوشش پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی نے قطر کے وزیر خارجہ محمد بن عبدالرحمان ال

بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

اقتدار کی کرسی پر بیٹھے شخص کی بے حسی پر افسوس ہے، مریم نواز

مائیں، بہنیں، بیٹیاں اپنے پیاروں کی لاشیں رکھ کر عمران خان کو دہائی دے رہی ہیں کہ خدارا ہمارے سر پر ہاتھ رکھو، عمران خان اپنی انا کی وجہ سے یہاں نہیں آرہے

اگر حکمران کوئٹہ نہیں آتا تو قوم اسے اسلام آباد میں کرسی پر بیٹھنے کی اجازت نہیں دے گی، پاکستان مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز شریف

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ ارباب اختیار اور اقتدار کی کرسی پر بیٹھے شخص کی بے حسی پر افسوس ہے مائیں، بہنیں، بیٹیاں اپنے پیاروں کی لاشیں رکھ کر عمران خان کو دہائی دے رہی ہیں کہ خدارا ہمارے سر پر ہاتھ رکھو لیکن عمران خان اپنی انا کی وجہ سے یہاں نہیں آرہے اگر حکمران کوئٹہ نہیں آتا تو قوم اسے اسلام آباد میں کرسی پر بیٹھنے کی اجازت نہیں دے گی۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کو مچھ کے علاقے میں قتل کئے گئے کانکنوں کی نعشوں کے ہمراہ دھرنا دینے والے لواحقین اور ہزارہ قوم کے افراد سے خطاب کرتے ہوئے کہی اس

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

قیدیوں کے مسائل دور کرنے کیلئے اقدامات کیے جائیں گے، چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ

وسائل اور قوانین کے مطابق قیدیوں کو درپیش مسائل کو دور کرنے کے لئے اقدامات کیے جائیں گے

سبی میں میرچاکر خان رند یونیورسٹی کے قیام سے یہاں کی تعلیمی پسماندگی کا خاتمہ ہوگا، جسٹس جمال خان مندوخیل

سبی (این این آئی) چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس جمال خان مندوخیل دو روزہ دورے پر سبی آئے گئے سبی آمد پر پولیس کے دستے نے سلامی پیش کی چیف جسٹس بلوچستان جمال خان مندوخیل کے ہمراہ جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس نعیم اختر افغان، جسٹس ہاشم خان کاکڑ، جسٹس نذیر احمد لانگو، جسٹس روزے خان برچ، رجسٹرار بلوچستان ہائی کورٹ راشد محمود، ریجنل ڈوکول آفیسر محمد عامر سردار، ایڈیشنل رجسٹرار غلام مرتضیٰ خان کے علاوہ بلوچستان ہائی کورٹ سبی بنچ کے آفیسران بھی موجود تھے بعدازاں چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس جمال خان مندوخیل نے ججوں کے ہمراہ ڈسٹرکٹ جیل سبی کا تفصیلی دورہ کیا اس موقع پر سینیٹر شیخ سبی ناصر خان یوسف زئی، ڈپٹی کمشنر سبی ڈاکٹر یاسر خان ہارنی، ایس ایس پی سبی ملک فاروق فیض لیزی، ایکسین واپڈا سید آصف شاہ کے علاوہ دیگر آفیسران موجود تھے ڈسٹرکٹ جیل سبی آمد پر شایان شان استقبال کیا گیا پولیس کے دستے نے سلامی پیش کی

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف علاقوں میں خون جما دینے والی سردی برقرار

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف علاقوں میں خون جما دینے والی سردی کی لہر برقرار، تفصیلات کے مطابق کوئٹہ، زیارت، قلات، پشین، مستونگ سمیت دیگر علاقے شدید سردی کی لہر کا شکار ہیں کوئٹہ میں درجہ حرارت نقطہ انجماد سے 9 درجے تک گر گیا جبکہ اسی طرح زیارت میں بھی درجہ حرارت منفی

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

خیبر پختونخوا کو درپیش مسائل وفاقی سطح پر حل کررہے ہیں، اسد قیصر

سی پیک کی وجہ سے صوبے کو زیادہ فائدہ اور یہاں کے عوام کو روزگار کے زیادہ مواقع میسر آرہے ہیں

خالص بجلی منافع اور گیس رائلٹی کے فنڈز کی ادائیگی میں درپیش مسائل حل کرلیے ہیں، اسپیکر قومی اسمبلی

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کو درپیش مسائل وفاقی سطح پر حل کررہے ہیں۔ سی پیک کی وجہ سے صوبے کو زیادہ فائدہ اور یہاں کے عوام کو روزگار کے زیادہ مواقع میسر آرہے ہیں اور مزید آئیں گے۔ خالص بجلی منافع اور گیس رائلٹی کے فنڈز کی ادائیگی میں درپیش مسائل حل کرلیے ہیں۔ صوبائی قیادت احسن طریقے سے عوام کی خدمت کررہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے جنگزئی ہاؤس پشاور میں اپنے اعزاز میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

ہزارہ برادری کو ہر طرح سے سیکیورٹی فراہم کرنے کیلئے تیار ہیں، لیاقت شاہوانی

افسوس کا مقام ہے کہ دونوں جماعتوں نے میتوں پر بھی پوائنٹ اسکورنگ کی

ہمیں توقع تھی کہ اپوزیشن رہنماء لواحقین کے زخموں میں مرہم رکھے گی' ترجمان حکومت بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) ترجمان حکومت بلوچستان لیاقت شاہوانی نے کہا کہ ہمیں توقع تھی کہ اپوزیشن رہنماء لواحقین کے زخموں میں مرہم رکھے گی، لیکن افسوس کا مقام ہے کہ دونوں جماعتوں نے میتوں پر بھی پوائنٹ اسکورنگ کی۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کو میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن رہنماء کوئٹہ آئے لواحقین سے ملے ہمیں توقع تھی کہ اپوزیشن رہنما لواحقین کے زخموں میں مرہم رکھے گی لیکن ایسا نہیں ہوا اپوزیشن رہنماؤں نے وہ الفاظ میں سیاست کی، مریم نواز شریف، بلاول بھٹو زرداری کی طرف سے ذمہ داری دکھانا چاہیے تھا، ترجمان کا کہنا تھا کہ وہ ہزارہ برادری کے غم میں برابر کے شریک ہیں ہم یقین دلاتے ہیں کہ آئندہ ایسے واقعات پیش نہ آئے حکومت بلوچستان جلد افسوسناک واقعہ میں ملوث عناصر

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

فضل الرحمن، مریم نواز اور بلاول بھٹو 27 جنوری کو ساہیوال ریلی کی قیادت کریں گے

ساہیوال (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ ن کے ممبر قومی اسمبلی پیر سید عمران احمد شاہ نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم کے زیر اہتمام ہونیوالے فیصلے کے تحت 27 جنوری کو ساہیوال میں حکومت کے خلاف احتجاجی ریلی نکالی جائیگی جس میں مریم نواز، مولانا فضل الرحمن

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

نیب ایک خودمختار ادارہ ہے جو ملک میں کرپشن کے خلاف آزادانہ اور بلاتفریق کام کررہا ہے، ڈی جی آپریشنل نیب پاکستان ظاہر شاہ

گوادر (این این آئی) ڈی جی آپریشنل نیب پاکستان ظاہر شاہ اور ڈی جی نیب بلوچستان فرمان گوادر پہنچ گئے۔ گوادر کے دورے پر آئے ہوئے نیب کے اعلیٰ عہدیداروں نے چیمبر آف کامرس، ہوٹل اسٹیٹ اور فش انڈسٹری سمیت مختلف کاروباری لوگوں کے ساتھ ملاقاتیں کیں اس موقع پر ڈی جی آپریشنل

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

حکمرانوں نے قوم کو آئی ایم ایف کا غلام بنا دیا ہے، سینیٹر سراج الحق

اسلامی نظام کے نفاذ کے بغیر غریب کو ریلیف نہیں ملے گا' امیر جماعت اسلامی پاکستان

ساہیوال (آن لائن) امیر جماعت اسلامی پاکستان سینیٹر سراج الحق نے کہا ہے کہ قوم کے لٹکس سے خریدے گئے ہتھیار اور گولیاں دشمنوں کی بجائے عوام پر برسائی جارہی ہیں اور ہمارے بچوں پر گولیاں برسا کر کے دکھا رہے ہیں۔ حکومت ایک کروڑ نوکریاں اور پچاس لاکھ گھروں کی بجائے ایک کروڑ کو بے دخل کررہا ہے۔ چھ ماہ کے دوران قرضہ جتنا موجودہ حکومت نے لیا ہے کسی دوسری حکومت نے نہیں لیا اور حکومت نے ایک مرتبہ پھر قوم کو آئی ایم ایف کا غلام بنایا اور عوام کو مہنگائی کی

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

کوئٹہ آئی جی ایف سی بلوچستان میجر جنرل فیاض حسین شاہ اپنے جامعہ بلوچستان کے دورے پر جامعہ کے بوائز ہاسٹل کے بلاک 13 اور 16 کے ریفرنشمنٹ کے بعد ان کا افتتاح کررہے ہیں

ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے نتائج برآمد ہوں گے

پل پل بدلتی دنیا میں جدید وقت کے تقاضوں اور انسانی ضروریات کو مدنظر رکھ کر ہی تکمیل، درمیانہ اور طویل المدت منصوبوں کا صحیح اور بروقت تعین کیا جاسکتا ہے

صوبے بھر کے تمام اضلاع بالخصوص دور افتادہ علاقوں کے عوام کو زندگی کی بنیادی سہولیات ان کی دہلیز پر پہنچانا، امان اللہ خان یاسین زئی

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی نے کہا ہے کہ پل پل بدلتی دنیا میں جدید وقت کے تقاضوں اور انسانی ضروریات کو مدنظر رکھ کر ہی تکمیل، درمیانہ اور طویل المدت منصوبوں کا صحیح اور بروقت تعین کیا جاسکتا ہے۔ اس ضمن میں صوبے بھر کے تمام اضلاع بالخصوص دور افتادہ علاقوں کے عوام کو زندگی کی بنیادی سہولیات ان کی دہلیز پر پہنچانا موجودہ حکومت کی ترجیحات میں شامل ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کے روز گورنر ہاؤس کوئٹہ میں تحریک انصاف کے صوبائی رہنما نواب خان دومڑ کی قیادت میں وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر گورنر یاسین زئی نے کہا ہے صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے بہت جلد مثبت نتائج برآمد ہوں گے۔ وفد نے گورنر بلوچستان کو لوراڑائی اور سنجاوی کے عوام کو تعلیم، صحت اور صاف پینے کے حوالے سے درپیش مسائل ومشکلات سے آگاہ کیا۔ گورنر بلوچستان نے انکے مسائل کو غور اور توجہ سے سنا اور ان کے پائیدار حل کیلئے ہر ممکن تعاون کی

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

وفاقی وزیر پٹرولیم نے دریاخان میں سوئی گیس فراہمی منصوبہ کا افتتاح کردیا

وزیراعظم کی قیادت میں اجتماعی مسائل کے حل کیلئے کوشاں ہیں، عوام کو ریلیف دینے پر یقین رکھتے ہیں، عمر ایوب خان

دریا خان (این این آئی) وفاقی وزیر پٹرولیم عمر ایوب خان نے دریاخان میں سوئی گیس فراہمی منصوبہ کا افتتاح کردیا۔ وفاقی وزیر کا دریاخان پہنچنے پر شاندار استقبال کیا گیا۔ ایم این اے ثناء اللہ مستی خیل، ایم پی اے سعید اکبر نوانی، ایم پی اے امیر محمد خان بھی ہمراہ تھے سوئی ناردرن گیس کے افسران نے وفاقی وزیر کو بریفنگ دی۔ وفاقی وزیر عمر ایوب نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم عمران خان کی قیادت میں اجتماعی مسائل کے حل کیلئے کوشاں ہیں، دریاخان کیلئے 76 کروڑ روپے کی لاگت سے سوئی گیس لارہے ہیں۔ پی ٹی آئی حکومت عوام کو ریلیف دینے پر یقین رکھتی

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

جمال شاہ کاکڑ کو مسلم لیگ (ن) بلوچستان کا قائم مقام صدر مقرر کردیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) جمال شاہ کاکڑ کو مسلم لیگ (ن) بلوچستان کا قائم مقام صدر مقرر کردیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق جمعرات کو پاکستان مسلم لیگ (ن) کے جنرل سیکرٹری احسن اقبال نے پارٹی کے آئین کے آرٹیکل 75 کے تحت جمال شاہ کاکڑ کو مسلم لیگ (ن) بلوچستان کا قائم مقام صدر مقرر کردیا گیا

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں عدم استحکام سے سی پیک کو نقصان پہنچے گا، شاہ محمود قریشی

کئی بار کہہ چکا ہوں بھارت کا ایک واضح ایجنڈا ہے جس کے ذریعے ملک میں عدم استحکام پیدا کیا جارہا ہے

ہمارے دشمن ہمیں پریشان کرنے کیلئے ہر حربہ استعمال کریں گے، وزیر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ ملک میں عدم استحکام بھارت کی ہاہرڈ وار کا ایک حصہ ہے، کوشش ہے کہ بھارت کی ایسی سازشوں کو ناکام بنائیں، بلوچستان میں عدم استحکام سے سی پیک کو نقصان پہنچے گا۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ ہمارے دشمن ہمیں پریشان کرنے کیلئے ہر حربہ استعمال کریں گے، کئی بار کہہ چکا ہوں بھارت کا ایک واضح ایجنڈا ہے جس کے ذریعے ملک میں عدم استحکام پیدا کیا جارہا ہے۔ انہوں

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی سے مختلف اضلاع کے ذکوٰۃ چیئرمین ملاقات کررہے ہیں

کسی بھی معاشرے کی ترقی وبہتری کے لئے تعلیمی اداروں کا اہم کردار رہا ہے، میجر جنرل فیاض حسین شاہ

جامعہ بلوچستان اعلیٰ تعلیم کو فروغ دینے سمیت صوبے کے طلبہ کو اعلیٰ تعلیم کے مواقع مہیا کرنے میں اہم کردار ادا کررہی ہے' آئی جی ایف سی

کوئٹہ (این این آئی) آئی جی ایف سی بلوچستان میجر جنرل فیاض حسین شاہ نے جامعہ بلوچستان کا دورہ کیا۔ جامعہ کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شفیق الرحمان کے ہمراہ جامعہ کے بوائز ہاسٹل کے بلاک 13 اور 16 کے ریفرنشمنٹ کے بعد باقاعدہ طور پر ان کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر جامعہ کے رجسٹرار، ڈائریکٹر جنرل اور متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔ انہوں نے بلاکس کا تفصیلی معائنہ کیا اور اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جامعہ بلوچستان اعلیٰ تعلیم کو فروغ دینے سمیت صوبے کے طلبہ کو

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

عوام کی حفاظت حکومت کی ذمہ داری ہے' مولانا عبدالغفور حیدری

وزیراعظم کو پہلے دن کوئٹہ آکر قاتلوں کی نشاندہی اور انکی گرفتاری کروانی چاہیے تھی، سینیٹر

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی سیکرٹری جنرل سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا ہے کہ ہم نے پہلے بھی جنازے اٹھائے اور آئندہ بھی اٹھاتے رہیں گے عوام کی حفاظت حکومت کی ذمہ داری ہے وزیراعظم کو پہلے دن کوئٹہ آکر قاتلوں کی نشاندہی اور انکی گرفتاری کروانی چاہیے تھی۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کو کوئٹہ کے مغربی بائی پاس پر ہزارہ برادری کی جانب سے دیئے گئے دھرنے سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا کہ کہا جاتا ہے کہ

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

وزیراعظم کے متوقع دورے سے قبل کوئٹہ شہر کی سڑکوں کی صفائی اور خصوصی انتظامات کئے گئے

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعظم کے متوقع دورے سے قبل کوئٹہ شہر کی سڑکوں کی صفائی اور خصوصی انتظامات کئے گئے، تفصیلات کے مطابق جمعرات کو وزیراعظم عمران خان کے متوقع دورے کوئٹہ سے قبل اکبل روڈ، ایئرپورٹ روڈ، زرغون روڈ سمیت ملحقہ

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

موسمیاتی تبدیلی ماحولیاتی آلودگی انسانی بقا اور ترقی میں رکاوٹ ہے، ملک امین اسلم

12 ارب روپے کے سٹی امپروومنٹ پراجیکٹ کا افتتاح وزیراعظم کریں گے وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی

ساہیوال (آن لائن) وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی ملک امین اسلم نے کہا ہے کہ ماحولیاتی آلودگی انسانی بقا اور ترقی میں سب سے بڑی رکاوٹ بن چکی ہے جس سے بے وقت بارشیں ہورہی ہیں اور موسموں کی شدت میں اضافہ ہورہا ہے۔ جس سے نہ صرف فصلوں کی پیداوار متاثر ہورہی ہے بلکہ انسان مختلف بیماریوں کا بھی شکار ہورہے ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ماحولیاتی آلودگی کے مسئلے کی سنگینی کو سمجھا جائے اور اس کے اثرات کو کم کرنے کے لئے بنیادی بنیادوں پر اقدامات اٹھائے

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

کوئٹہ نائب صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) مریم نواز شریف اور چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری مچھ حادثہ کے لواحقین سے اظہار تعزیت کے موقع پر دعا مغفرت کررہے ہیں

یہ کس قسم کا انصاف ہے مزدوروں کو شناختی کارڈ دیکھ کر قتل کیا جارہا ہے

عوام کو تحفظ دینا ریاست کی ذمہ داری ہے، ملک میں مہنگائی تو بے جا ہوگئی ہے لیکن عوام مزدور، سیاسی کارکن، وکلاء اور شہریوں کا خون سستا ہے

ہم یہ بات کہنے میں حق بجانب ہیں کہ نیشنل ایکشن پلان ناکام اور دہشت گردوں کی کمر نہیں ٹوٹی، پاکستان پیپلز پارٹی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ عوام کو تحفظ دینا ریاست کی ذمہ داری ہے یہ کس قسم کا انصاف ہے کہ مزدوروں کو شناختی کارڈ دیکھ کر قتل کیا جارہا ہے ملک میں مہنگائی تو بے جا ہوگئی ہے لیکن عوام مزدور، سیاسی کارکن، وکلاء اور شہریوں کا خون سستا ہے شہداء کے لواحقین صرف اور صرف انصاف مانگ رہے ہیں ہم شہداء کے لواحقین کو انصاف دلانے کیلئے ہر حد تک جائیں گے۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کو مچھ کے علاقے میں قتل کئے گئے کانکنوں کی نعشوں کے ہمراہ دھرنا دینے والے لواحقین اور ہزارہ قوم کے افراد سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز، سابق وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی، وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ، سینیٹر احسن اقبال، سینیٹر مولانا

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

دشمن ملک صوبے میں حالات خراب کرنے میں ملوث ہے، ضیاء لانگو

**پہلے بھی ایسے واقعات گاہے بگا

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.pk

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

08 جنوری 2021ء

حکومت ہزارہ برادری کو ہر طرح سے سیکورٹی فراہم کرنے کیلئے تیار

ترجمان حکومت بلوچستان لیاقت شاہوانی نے کہا کہ ہمیں توقع تھی کہ اپوزیشن رہنماء لواحقین کے زخموں میں مرہم رکھے گی، لیکن افسوس کا مقام ہے کہ دونوں جماعتوں نے میتوں پر بھی پوائنٹ اسکورنگ کی۔ اپوزیشن رہنماء کوئٹہ آئے لواحقین سے ملے ہمیں توقع تھی کہ اپوزیشن رہنماء لواحقین کے زخموں میں مرہم رکھے گی لیکن ایسا نہیں ہوا اپوزیشن رہنماؤں نے دبے الفاظ میں سیاست کی، مریم نواز شریف، بلاول بھٹو زرداری کی طرف سے ذمہ داری دکھانا چاہئے تھا، ہزارہ برادری کے غم میں برابر کے شریک ہیں ہم یقین دلاتے ہیں کہ آئندہ ایسے واقعات پیش نہ آئے حکومت بلوچستان جلد افسوسناک واقعہ میں ملوث عناصر تک پہنچے گی ہزارہ برادری کو ہر طرح سے سیکورٹی فراہم کرنے کے لئے تیار ہیں وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان بھی گزشتہ روز دھرنے پر گئے انہوں نے بھی سیکورٹی کی فراہمی کی یقین دہانی بھی کرائی ایک بار پھر ہم کہتے ہیں کہ برائے کرم میتوں کی تدفین کی جائے افغان حکومت نے مچھ واقعہ میں جاں بحق کانکنوں میں اپنے شہریوں کی تصدیق کی ہے اور میتوں کی حوالگی کے حوالے سے درخواست کی ہے۔ وزیر اعظم عمران خان نے سانحہ مچھ پر اہم مشاورتی اجلاس کیا اجلاس کو سانحہ مچھ کی اب تک کی تحقیقات سے متعلق بریفنگ بھی دی گئی اب تک وزیر اعظم عمران خان کی کوئٹہ روانگی کے حوالے سے کوئی حتمی فیصلہ نہیں ہوا ہے، ممکن ہے کہ سیکیورٹی خطرات کی وجہ سے ان کی روانگی کا وقت خفیہ رکھا جائے۔

ہے جرمِ ضعیفی کی سزا مرگِ مفاجات!

سمیع اللہ ملک

ہمارے لبرل دانش گر اور ان جیسے سوکالڈ تجزیہ نگار سوشل میڈیا پر اودھم مچانے والے تاریخی حقائق کو بطور فیشن مسخ کرتے ہوئے اپنی لاعلمی کی بجائے مسلمانوں کو تاریخ کے دستر خوان پر حرام خوری کا طعنہ دیتے نہیں تھکتے کہ مسلمانوں کی ایجادات اور دریافتیں اسلامی تاریخ کے پہلے تین سو سال، کچھ کے نزدیک پہلے ہزار سال تک محدود ہیں اس کے بعد مسلمانوں نے ایک سوئی بھی نہیں بنائی۔ درست کہ غلامی کے دور کا اپنا ایک معیار ہوتا ہے، محکوموں کو جرم ضعیفی کی سزا ملتی ہے، بات اسی کی چلتی ہے جس کے ہاتھ میں لاٹھی بھی ہو لیکن اپنی تاریخ سے اتنی ناواقفیت اور اپنے لوگوں سے اتنی نفرت تو جدید لبرل تہذیب بھی پسند نہیں کرتی۔

تقدیر کے قاضی کا یہ فتویٰ ہے ازل سے
ہے جرمِ ضعیفی کی سزا مرگِ مفاجات!

ایک عرصے سے اس موضوع پر لکھنے کیلئے ارادہ باندھتا تھا لیکن تیزی سے بدلتے سیاسی حالات کے تقاضے اولیت اختیار کر لیتے اور اس معاملے میں تاخیر ہوتی گئی۔ بالآخر موقع مل گیا کہ ان چند حضرات کی میڈیا پر آئے دن کی سینہ کوبی اور منافقت کا تاریخی حوالوں سے مدلل جواب دیا جائے اور قارئین کو بھی ان لبرلز اور سیکولرز کی یاوہ گوئی کا علم ہو سکے تاکہ ان کو ایسے ملک میں بیٹھ کر جس کو فکر کی بنیاد پر حاصل کرنے کیلئے اس کی بنیادوں میں اپنے لاکھوں جوان بیٹوں، بیٹیوں، بزرگوں کا خون شامل کر کے اس کی آبیاری کرتے ہوئے اپنے رب سے یہ وعدہ کر کے ارض پاک کا یہ ٹکڑا حاصل کیا کہ ہم اس سرزمین پر اللہ کے احکام کے مطابق زندگی بسر کرنے کیلئے مکمل قرآن کو نافذ کریں گے لیکن اوفوا بالعہد پر عمل نہ کرنے پر شرمندگی کا اظہار کرنے کی بجائے اس نظریہ کی بیخ کنی کیلئے ہماری نئی نسل کو اس نظام سے گمراہ کرنے کیلئے بھی ان کے نصاب تعلیم میں تمام اسلامی تعلیمات کو غیر ضروری قرار دیتے ہوئے قلمزد کر دیا جاتا ہے اور اس کے ساتھ ہی چند گمراہ لکھاریوں کو میڈیا پر کھلی چھٹی دی جاتی ہے کہ وہ جی بھر اپنے جھوٹ اور افتراء سے مسلمانوں کی تاریخ پر حملہ آور ہو کر ہماری نئی نسل کو احساس کمتری میں مبتلا کرنے کیلئے ہمارے مشاہیر پر طعنہ زنی کے تیر و نشتر برسائیں۔

یہ تحریر پچھلے ہزار سال یعنی ہزار صدی عیسوی سے اکیسویں صدی عیسوی تک کے مسلمانوں کے ان سائنسی کارناموں کا سرسری جائزہ ہے۔ مغرب اور امریکا کے معروف سائنسی دانشور اور مشہور عالمی معیار کی علمی درسگاہوں اور تحقیقی اداروں میں ان مسلم سائنسدانوں کو نہ صرف احترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے بلکہ ان کے علمی کاموں کے اعتراف میں ان کے قد آور مجسمے اپنی تعلیمی درسگاہوں کے علاوہ مشہور عالم لندن کے سائنس میوزیم اور برٹش میوزیم میں سجا کر رکھے ہوئے ہیں، اگر ان عقل کے اندھوں کو یہ توفیق ملے تو مشہور عالم برٹش لائبریری کا ہی چکر لگا کر دیکھ لیں، ان کی شرمندگی کا خاصا سامان انہیں نظر آ جائے گا۔ اس سے یہ واضح ہوتا ہے کہ سائنسی میدان میں مسلمانوں کے کارناموں کا تسلسل پچھلے ہزار سال سے ابھی تک قائم ہے۔ اس انتشار اور فکری کے دور میں بھی مسلمانوں نے ہمت نہیں ہاری۔ آج بھی ایسے سینکڑوں مسلم سائنسدان موجود ہیں جو سائنسی ترقی میں اپنا حصہ ڈال رہے ہیں اور جن کی ایجادات اور دریافتوں نے سائنس کے کئی نئے میدان کھولے ہیں۔

1:۔ الخجندی وفات 1000ء محوری جھکاؤ اور عرض بلد کے معلوم کرنے پر رسالہ فی الاسطرلاب وعرض بلد پیش کیا مسئلہ جیب زاویہ یا سائن تھیورم دریافت کیا جس نے مینی لاؤ کے قانون کی جگہ لی۔

2:۔ الزہراوی وفات 1004ء دنیا کے پہلے سرجن کا اعزاز حاصل ہے۔ اس نے۔ اپنی کتاب التصریف میں سو سے زیادہ سرجری کے آلات بیان کرنے کے ساتھ ساتھ آپریشن کے طریقے دریافت کئے۔

3:۔ علی بن عبدالرحمن یونس وفات 1004ء۔ دائرۃ البروج کی قیمت 23 درجے 35 منٹ اور اوج شمسی 86 درجے 10 منٹ دریافت کی جو آج بھی جدید تحقیق کے بہت قریب ہے۔ اس نے زمین کے محور کی 26 ہزار سالوں میں 360 ڈگری مکمل ہونے والی حرکت کو دریافت کیا جس کیلئے آج کی جدید سائنس کیلئے بے شمار جہتیں کھل گئیں۔

4:۔ احمد بن محمد علی مسکویہ وفات 1032ء: اس نے نہ صرف تاریخ میں پہلی بار نباتات میں زندگی دریافت کی بلکہ سائنس کو زندگی کی تحقیق اور دماغی ارتقاء کی درجہ بندی سے متعارف کرایا جس کو بعد میں ڈارون اسی طرح پیش کرتا ہے۔

5:۔ ابن سینا وفات 1036ء: جسم کے اعضاء کی تقسیم بندی اور نفسیاتی طریقہ علاج دریافت کرنے کا سہرا اس کے سر ہے اور طب کی مشہور مکمل ترین اور مستند ترین تصنیف قانون الطب لکھی جو سولہویں صدی تک یورپ میں پڑھائی جاتی رہی اور آج بھی جدید سائنس اس سے استفادہ کر رہی ہے۔

6:۔ ابن الہیثم وفات 1038ء: اپنی شہرہ آفاق تصنیف کتاب المناظر میں روشنی کا ذراتی نظریہ پیش کیا۔ روشنی کے انعطاف، انعکاس، روشنی کے خط مستقیم میں سفر اور پردۂ چشم (ریٹینا) کو دریافت کیا۔ اس کی تحقیقات نے فزکس میں انقلاب برپا کر دیا۔

7:۔ علی احمد نسوی وفات 1030ء: ساعت یعنی گھنٹے کو 60 کے ہندسے پر تقسیم کر کے دقیقہ (منٹ) اور ثانیہ (سیکنڈ) میں تقسیم کا نظام دریافت کیا جس کیلئے موجودہ سائنس اور تمام متعلقہ ایجادات ممکن ہوئی ہیں۔ نسوی چھوٹے چھوٹے پیمانوں کی تقسیم در تقسیم کا دس کی نسبت سے طریقہ دریافت کیا جسے آج کی دنیا میں اعشاریہ کا نام دیا جاتا ہے۔

8:۔ البیرونی وفات 1049ء: دھاتوں کی کثافت اضافی معلوم کر کے آج کی جدید تحقیق میں انقلاب برپا کر دیا۔ مزید براں طول البلد اور عرض بلد اور زمین کا محیط 24779 میل معلوم کیا جس میں جدید تحقیق (24858 میل) صرف 79 میل کا فرق معلوم کر سکتی ہے۔

9:۔ علی ابن علی بن جعفر وفات 1061: جدید طب میں مریض کے معائنے کیلئے عمومی جسمانی معائنہ استعمال ہونے والے طریقے اور "سسٹم انکوائری" کے نظام ایجاد کئے جسے آج کروڑوں انسانوں کی زندگی بچانے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے

10:۔ غزالی وفات 1111ء: جن کو آج بھی جدید فلسفہ اخلاق کا موجد اور محقق کے طور جانا جاتا ہے۔

11:۔ عمر خیام وفات 1131ء: 28 سال کی عمر میں اپنی کتاب الجبر والمقابلہ مکمل کرتا ہے۔ اس میں وہ الجبرا کے چھ نئے اصول بیان کرتا ہے مثلاً بائی نومیل تھیورم۔ عمر خیام شمسی سال کی مقدار 365 دن 5 گھنٹے اور 49 منٹ نکالتا ہے جو کہ صرف ایک منٹ کے فرق سے جدید تحقیق کے مطابق ہے۔ وہ شمسی کیلنڈر میں بعض مہینوں کو 30 اور بعض کو 31 دن کا کر کے لیپ ائیر کی بنیاد رکھتا ہے جو آج یورپ اور امریکا کے ساتھ ساری دنیا میں رائج ہے۔

12:۔ ابن زہر وفات 1162ء: متعدی خارش کی وجہ دریافت کرتا ہے۔ تاریخ میں پہلی مرتبہ (پیراسائٹس) کا وجود ثابت کرتا ہے۔

13:۔ الادریسی وفات 1164ء: پہلی بار زمین کو گول بتاتا ہے۔ وہ زمین کا چاندی کا ایک گلوب بناتا ہے۔ وہ دنیا کے پہلے ماہر نقشہ نویس کی حیثیت سے دنیا کا نقشہ بناتا ہے جس پر آج کی جدید سائنس کی دنیا کھڑی ہے۔ دریائے نیل کا منبع دریافت کرتا ہے۔ اس کی کتاب نزہۃ المشتاق فی اختراق الآفاق جغرافیہ کی پہلی کتاب ثابت ہوتی ہے جس کو مغرب اور امریکا کی یونیورسٹیوں میں پڑھایا جاتا ہے اور تحقیقی دنیا میں اس نے انقلاب برپا کر دیا ہے۔

14:۔ ابن رشد وفات 1198ء: پہلی بار ثابت کرتا ہے کہ جس آدمی کو ایک بار چیچک ہو جائے، اسے زندگی بھر دوبارہ نہیں ہوتی جسے جدید سائنس بھی مانتی ہے۔

15:۔ شرف الدین طوسی وفات 1213ء: "لاکھر ایسٹرو ہلا" طولی اصطرلاب ایجاد کر کے ستاروں کی بلندی، وقت اور قبلے کے تعین کیلئے کیے گئے مشاہدات کو ممکن بنا کر آج کی خلائی سائنس کا دروازہ کھول دیا۔

16:۔ عبداللہ ابن بیطار وفات 1248ء: چین کا عظیم ترین ماہر نباتیات (بانی) ثابت ہوتا ہے۔ وہ جڑی بوٹیوں کی تلاش کیلئے چین سے شام کا وسیع سفر کرتا ہے۔ وہ اینٹی کینسر خصوصیات رکھنے والی دوائی ہندباہ دریافت کرتا ہے جس کی تصدیق جدید سائنس بھی کرتی ہے۔

17:۔ ابن النفیس وفات 1288ء: تاریخ میں پہلی بار پھیپھڑوں اور دل میں دوران خون (پلمونری اور کرونری سرکولیشن) کو دریافت کیا جس سے آج کے جدید طب میں انقلاب برپا کر دیا ہے۔ وہ دوران خون کا پہلا محقق ثابت ہوتا ہے۔

18:۔ کمال الدین فارسی وفات 1320ء: قوس قزح بننے کے عمل کی پہلی درست وجہ دریافت کر کے آج جدید سائنس کے محکمہ موسمیات کا کام آسان کر دیا۔

19:۔ ابن خلدون وفات 1406ء: مقدمہ ابن خلدون مرتب کر کے عمرانیات کی بنیاد رکھتا ہے۔

20:۔ پری رئیس محی الدین وفات 1554ء: دنیا کا پہلا جدید نقشہ بناتا ہے جس میں نو دریافت شدہ براعظم امریکا اور انٹارکٹکا بھی دکھائے گئے۔

21:۔ تقی الدین محمد ابن معروف وفات 1585ء: دنیا کا پہلا سٹیم انجن اور دوربین بناتا ہے۔

22:۔ احمد چلبی وفات (سترہویں صدی عیسوی) انسانی پرواز کا تجربہ کرتا ہے۔ اس سے ایک سال پہلے لاری حسن چلبی راکٹ کے ذریعے پہلی انسانی پرواز کرتا ہے۔

23:۔ شیر میسور ٹیپو سلطان شہادت 1799ء: تاریخ میں پہلی بار جنگی راکٹ ایجاد کرتا ہے جنہیں برطانوی یورپ لیجا کر اس فارمولے پر مزید تحقیق سے نئے راکٹ بناتے ہیں۔ 1793ء سے 1794ء کے دوران ٹیپو کی تعمیر کردہ "فلنٹ لاک بلنڈر بس گن" آج بھی اپنے وقت کی بہترین ٹیکنالوجی شمار کی جاتی ہے۔ ٹیپو کے راکٹوں کی بنیاد پر رائل وولوک آرسنل نے ملٹری راکٹوں پر تحقیق شروع کی۔ یہ تحقیق 1801ء میں شروع ہوئی اور اس کی بنیاد ٹیپو کی ٹیکنالوجی تھی۔ اس تحقیق کا نتیجہ 1805ء میں کھوس ایندھن راکٹوں (سالڈ فیول راکٹ) کی صورت میں سامنے آیا۔ اس کے بعد ولیم کانگریو نے "راکٹ کے نظام کی ابتدا اور پیش رفت کا ایک جامع اکاؤنٹ" شائع کیا۔ کانگریو کے راکٹوں کو انگریزوں نے نپولین سے جنگوں میں استعمال کیا۔ 1812ء اور بعد میں 1814ء کی بائی موری لڑائی میں انگریزوں نے جدید راکٹوں کا استعمال شروع کیا جن کی بنیاد ٹیپو کی راکٹ ٹیکنالوجی تھی۔ انگریز نے کھلے دل سے ٹیپو سلطان کی ایجاد کو علمی اور سائنسی احسان سے تشبیہ دی۔

24:۔ ہلوی بیسٹ وفات 1948ء: خون کی نالیوں کی ایک بیماری دریافت کرتا ہے جسے بیسٹ سنڈروم کہا جاتا ہے۔ ہلوی 20 فروری 1889ء کو استنبول میں پیدا ہوا اور 8 مارچ 1948ء کو فوت ہوا۔ ترکی سے تعلق رکھنے والا مسلمان ماہر امراض جلد (ڈرماٹالوجسٹ) اور سائنسدان تھا۔ ہلوی نے خون کی نالیوں کی سوزش () کی ایک بیماری کو 1937ء میں دریافت کیا جسے اس کے نام پر "بیسٹ کی بیماری" کا نام دیا گیا۔ 1924ء میں اس نے ڈرماٹالوجی (امراض جلد) پر ترکی کا پہلا جریدہ "ڈرمیٹولوجیک ووچنشرافٹ" شائع کیا جس میں اس نے آتشک اور دوسرے جلدی امراض کی مکمل تشخیص پر بیش بہا قیمتی معلومات دیں۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ سائنسدان ایک ہی وقت میں آتشک یا تشخیص اور دیگر امراض جلد کے متعلق جان سکتے تھے۔ یہ کتاب آج تک اس جدید سائنس بھی مانتی ہے۔

سرگوشیاں ہاضمہ وبائے مادی

سید غلام حیدر شاہ قلندری

اکیسویں صدی جہاں معاشرے میں بہت سی جدتیں لائی ہے، وہاں اس نے آتنی ہیں بدگمانیوں کو بھی جنم دیا ہے، جن کا بڑا سبب حسد اور جلن ہے۔ کسی کو بھی کسی کی اچھی ادا، بھلے وہ ثبت ہی کیوں نہ ہو مگر دوسرے کا ہاضمہ اسکو برداشت نہیں کرنے دیتا، ہمیشہ کینے اور بغض کی ڈکاریں آنا شروع ہو جاتی ہیں، دوسری باتیں بھلے ہی درگزر کیوں نہ کر دے، مگر بیٹھے بیٹھے زہریلے بچھو کی طرح لفظوں میں زہر ضرور پھیلائے گا، اگر ایسا نہ بھی کر سکا تو بھی منہ بنا کر اور ناک ضرور چڑھائے گا۔ حسد کرنا اب ہمارے روزمرہ کے معمولات کا ایک عام جز بن چکا ہے، ایک ہوٹل کا مالک اپنے سامنے ایک نئے ہوٹل کو برداشت نہیں کرے گا، حتہ کہ اس کی کوشش ہوگی کہ پورے پڑوس میں ہی کوئی ہوٹل نہ ہو تاکہ اس کے گاہک کم نہ ہوں۔ وہ بھلا بیٹھتا ہے کہ روزی دینے والا اور روزی میں برکت ڈالنے والا کوئی اور ہے، وہ سب بھلا کر فقط اسکو نقصان پہنچانے کی ہر ممکن کوشش کرتا رہے گا، یہاں تک کہ اگر کچھ نہ بھی کر سکا تب بھی کسی بھوپے سے لے کر کسی عملیات والے کا پتہ پوچھتا رہے گا۔ وہ یہ نہیں سوچے گا کہ اس کے بھی بچے ہیں، کوئی روزگار ہے، مگر اپنے نفس اور نفسیات سے مجبور ہو کر اس عمل میں لگ جائے گا، ایسے ہی ایک ٹرانسپورٹر سے لے کر دودھ والا، مسجد کا پیش امام، یا ایک جعلی پیر دوسرے جعلی پیر کے پیچھے ہاتھ دھو کر پیچھے پڑ جائیگا کہ گاہکوں میں کمی نہ آئے۔ ایسے ہمارے ڈاکٹر حضرات دوائیاں تبدیل کر کے لکھیں گیں اور ٹیسٹیں ضرور تبدیلی کریں گے بھلے پچھلے ڈاکٹر کی تشخیص اور علاج درست ہی کیوں نہ ہو، صرف اپنا گاہک پکا کرنے کے لیے بھی مریضوں کو ڈاکٹروں کے بڑے بڑے لیکچر سننے پڑیں گے، علاج کے بارے میں کم مگر پہلے ڈاکٹر پے تنقید زیادہ سنائی دے گی۔ ایسے ہی کوئی پڑوسی اچھے کپڑے نہ پہن لے یا کوئی نئی گاڑی بھی خرید لے، سب سے پہلے اپنے ہی رشتہ دار، پھر گلی محلے اور پھر گاؤں والے اندر ہی اندر میں جل رہے ہوتے ہیں، ایسے ایک وڈیرا کسی دوسرے نئے وڈیرے کو نیچا دکھانے کے لیے پارٹیاں تبدیل کرنے میں لگا ہوتا ہے اور لیڈروں اور سیاستدانوں کے آگے کوئی بھی موقعہ غیبت اور خوشامد کا ذائع نہیں کرے گا۔ یہ بڑے ناسور ہمیں اس جدید دور نے تحفے میں دیے ہیں، جب جلن اور حسد حدیں پار کر لیتے ہیں تو پھر کوئی حل نہیں ملتا، پھر کیا ہوگا سکون اور آرام برباد ہو جائے گا، نیند نہیں آئے گی، انسان اندر ہی اندر میں منصوبے بناتا رہتا ہے کہ اس مخالف ترقی کرنے والے کو کیسے زیر کرے، کہیں ایسا نہ ہو کہ پھر وہ سوچیں اور نئیچیاں امراض میں بدل جائیں۔ پھر شکر اور بلڈ پریشر، گمنام اوہام، عداوتیں، جسمانی اور ذہنی بیماریوں میں جکڑ کر زندگی کا دیا ہی بجھا دیتی ہیں، اصل میں یہ سب حربے نقل کو چھپانے کے ناکام طریقے ہیں، کہیں اصلیت ظاہر نہ ہو جائے، کیوں کہ نفرتوں کے کھائے ہوئے بیٹھن بدہضمی تو کرے گیں ہی، پھر اس کے ساتھ چپ چپ کے جھوٹ اور تنگی کا پیاز جتوں سمیت کھایا ہوا ہوگا تو وہ سارے الزام بچارے حسد اور کینے کی بدہضمی کا سبب ہوں گے۔ بس اگر اس قسم کے رشتہ دار، دوست، پڑوسی، وڈیرے، پیر مطلب کہ ایسے چیرے راستے میں مل جائیں تو ان کو سرگوشیاں ہاضمہ وبائے مادی سمجھ کر مٹھیاں زور سے بند کر کے بھاگو اور کہتے جاؤ یہاں سب کچھ چلتا ہے۔

ہم پوچھیں گے اور لازم ہیکہ ہم پوچھیں

شفیق الرحمٰن ساسولی

تحفظ کی نام و نہاد چار دیواری میں حیوانیت کا شکار ہوتے رہیں گے؟ اس دھرتی کے باسی کب تک غربت و بے چارگی کی زندگی گزارتے رہیں گے؟ کب تک ملت سرمائے کے ہاتھوں فروخت ہوتی رہے گی؟

کب تک ہم نامعلوم کے ہاتھوں اغواء و شہید ہوتے رہیں گے؟ کب تک؟

ہماری بے خبری کہیں یا بے بسی و بے وقوفی ہم اپنے قاتلوں کو نامعلوم کا نام دیکر ہمیشہ سے مختلف رقوتوں سے انصاف کی توقع کر رہے ہوتے ہیں۔ لیکن اب بات ہوگی تو شیر خدا مولاء علی کے قول کے مطابق ہوگی۔

حضرت علی کا قول ہیکہ "جس مقتول کا قاتل نامعلوم ہو اس کا قاتل حاکم وقت ہوتا ہے"۔

تو قاتل وقت (یعنی حاکم وقت) سن لو! نواب نوروز خان و پرنس عبدالکریم خان کے وارثان آج تم سے کہہ رہے ہیں!

اسد جان مینگل کے اغواء کار تم ہو، اکبر خان بگٹی کے قاتل تم ہو تو تک میں زندہ درگور سینکڑوں افراد کے قاتل تم ہو، ہزاروں لاپتہ بلوچ فرزندوں کے اغواء کار تم ہو، شہید حیات بلوچ، بانک کریمہ بلوچ کے قاتل تم ہو، شہید ملک ناز کے قاتل تم ہو، ہمارے ننگ و ناموس کو لوٹنے والے تم ہو، ہمارے تشخص کو مٹانے کے درپے تم ہو، مچھ میں ہزارہ برادری کے 11 کان کنوں سمیت سینکڑوں پشتون اور ہزارہ کے قاتل تم ہو۔

قاتل (حاکم) وقت! تم نے بلوچستان کو باقاعدہ جنگل کی شکل دے دی ہے، جہاں ہر درندہ اپنے مزاج اور طاقت کے حساب جو میسر ہو لوٹ رہا ہے۔ یہاں سب کے کاروبار الگ، سب کی تربیت الگ، سب کے دھندے الگ، مشترکہ انسانی فلاح و بہبودی نظریے سے کسی کو کوئی واسطہ نہیں۔ اور ذاتی غصہ، انا اور ذاتی نظریات کے لئے قتل تک جائز ہے۔

ہزاروں بلوچ فرزندوں کی شہادت، ملک ناز کے قتل اور حیات بلوچ کی سفاکانہ قتل، ہزاروں پیرو جوان بلوچوں کی بے گواہی، کریمہ بلوچ کی شہادت اور کئی مصائب و مظالم جو یہاں سے باہر ہیں، مجبوری مگر یہ بھی ہے کہ ہم کھل کے رو بھی نہیں سکتے، آواز اٹھا نہیں سکتے، کیوں کہ انہوں کیلئے آواز اٹھانا بھی جرم بن چکا ہے۔

حیرت کی بات یہ ہیکہ قاتلین (حاکمین)! 70 سال سے بلوچ پر حکومت کرتے ہوئے تمہیں سمجھ نہیں آئی کہ بلوچ عزت کے دلدادہ ہیں، بلوچ تشخص اور غیرت پر مرمٹنے والے ہیں، سب بلوچ یہ نامعلوم کا تماشا کب تک جاری رہے گا؟ کب تک مظلوموں کا خون بہتا رہیگا؟ کب تک بلوچستان کے مجبور و لاچار بلوچ، ہزارہ اور پشتون اس ہجوم کی طرح بالکل بھی نہیں ہیں جو اپنے بچوں کی لاشوں سے زیادہ حاکم وقت کے بوٹوں یا ٹوپی میں دلچسپی لیتے ہیں۔

ذی عقل بلوچ تمہاری اس ہجوم والوں، اپنوں کو اذیت دینے والوں کے سامنے اب عقل کی بات نہیں کرتا، بس ان کے سامنے کوئی عقل کی بات کرنا بھینس کے آگے بین بجانے کی مترادف ہے۔ یہ بین ایک عرصے سے بجائی جاری ہے مگر بھینس تو بھینس ہے اس کو کیا فرق پڑنے والا۔

اس سے بھی زیادہ حیرت ایک اور حرکت یا تماشے کی ہے۔ جس کسی پر حملہ ہو یا کوئی اندوہناک قتل کی واردت قاتل (حاکم) وقت! تم وہاں پہنچ جاتے ہو، ندامت کا شائبہ تک چہرے پر موجود نہیں ہوتا اور یہ آپ کا لایا ہوا غلام ہجوم وہاں پہنچ کر شقی القلبی کا مظاہرہ کر رہا ہوتا ہے آپ کی آمد کو باعث فخر سمجھ رہا ہوتا ہے، بجائے متاثرہ خاندان کو سننے کے تم ان غلام ہجوم کی خوشامدی کا مزہ لے رہے ہوتے ہو، حاکم وقت! آپ اصل مجرم ہیں آپ کسی متاثرہ گھر پر آتے ہو اگر واقعی میں انصاف فراہم کرنا اپنی ذمہ داری سمجھتے ہو اور اگر کسی کو آپ سے کوئی توقع ہوتا ہے تو ان سے عرض ہیکہ آپ کے گریبان تب تک پکڑے رہیں جب تک ان کی مکمل دادرسی نہ ہو۔

حاکم وقت! آپ کی کارکردگی کیا ہے؟ آج جب آپ مچھ واقعہ پر انصاف فراہم کرنے کا وعدہ کر رہے ہو تو ہم آپ سے پوچھتے ہیں کہ اس سے پہلے آپ نے کس کو انصاف فراہم کیا ہے؟ آپ نے حیات بلوچ سمیت ہزاروں بلوچ، ہزارہ اور پشتون شہیدوں کو کون سا انصاف فراہم کیا ہے جو اب گیارہ شہید کان کنوں کو انصاف دلاؤ گے؟

اب ہم بہت نہیں ہاریں گے، یہ سب پوچھیں گے، مسلسل پوچھتے رہیں گے، غلام ابن غلام ابن غلام ہجوم کی خوشامدی کی مستحق لوگو! تمہیں وہ ہجوم مبارک ہو۔ ہماری تربیت میں سوال کرنا شامل ہے، سیاسی جہد اور سیاسی مزاحمت شامل ہے۔ ہم پوچھیں گے کہ ہمارے لاپتہ لوگ کہاں ہیں؟ ہم پوچھیں گے ہمارے لوگوں کو کیوں مارا جا رہا ہے؟ ہمارے وسائل کو کیوں لوٹا جا رہا ہے؟ ہم سے ہماری تشخص کیوں چھینی جا رہی ہے؟ "ہم پوچھیں گے اور لازم ہیکہ ہم پوچھیں"۔

حاکم وقت! حضرت علی کا قول پیش خدمت ہے کہ "جس مقتول کا قاتل نامعلوم ہو اس کا قاتل حاکم وقت ہوتا ہے"۔

لہٰذا، جب تک تم نامعلوم قاتلوں، اغواء کاروں کو گرفتار نہیں کرتے، ہمارے مغویوں کو منظر عام پر نہیں لاتے، تب تک تم قاتل ہو، تب تک تم اغواء کار ہو۔ تب تک تمہیں قاتل کہیں گے قاتل لکھیں گے، اغواء کار کہیں گے اغواء کار لکھیں گے۔۔۔۔۔۔!

کہیں دور جب دن ڈھل جائے (1)

لیفٹیننٹ کرنل (ر) غلام جیلانی خان

لیفٹیننٹ جنرل (ر) طاہر محمود قاضی میرے دوستوں اور کرم فرماؤں میں سے ہیں۔ ان کا سروس پروفائل بہت شاندار اور "شاداب" ہے جس کا تذکرہ بعد میں کروں گا۔۔۔۔۔۔ باتوں باتوں میں چند روز پہلے میں نے ان سے درخواست کی کہ اگر وہ اپنی پروفیشنل زندگی کے ان قابل ذکر واقعات کو مختصر الفاظ میں ڈھال کر لکھ دیا کریں جو ان کی نظر میں عسکری یا غیر عسکری قارئین کی معلومات افزائی اور دلچسپی کا باعث ہوں تو شاید اس سے بہتوں کا بھلا ہو جائے۔ (لفظ شاید پر زور ہے)۔۔۔۔۔۔ انہوں نے کچھ تامل کیا اور کہا کہ اگر میں انگریزی میں لکھ دوں تو کیسا رہے گا۔ میں نے گزارش کی کہ یہ کوئی مسئلہ نہیں، میں ترجمہ کر دیا کروں گا۔

وہ اسلام آباد میں ہوتے ہیں۔ ان کا پہلا آرٹیکل 29 دسمبر 2020ء کو موصول ہوا جو قارئین کی خدمت میں پیش ہے اس امید کے ساتھ کہ اس میں بیان کئے گئے واقعہ کی سبق آموزی بعض احباب کے لئے شاید باعث تقلید ہو!۔۔۔۔۔۔ وہ لکھتے ہیں:

آج کل جزوی لاک ڈاؤن کا دور ہے جس نے مجھے ایک "مختصر فرصت" فراہم کر دی ہے تاکہ میں گزشتہ زندگی پر کچھ تدبر کروں۔۔۔۔۔۔ ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ "پروین شاکر فرسٹ" کے کرتا دھرتاؤں نے ایک پروگرام کا انعقاد کیا جس کا موضوع تھا: "کہانیاں جو چھپ نہ سکیں"۔۔۔۔۔۔

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

آنسوؤں کی کہانی

خبر سے خبر تک
شیخ فرید
fareedqta1963@gmail.com

کچھ سانحہ آنسوؤں کی کہانیوں میں آہستہ آہستہ ڈھل رہا ہے، معصومہ کی غم سے نحیف و مہیب آواز ایک کہانی کے روپ میں کوئٹہ کے زرخون و خاندانوں کے سہاروں کو اس بے دردی سے قتل کر دیا گیا ہے اور اس کے بعد صرف میڈیا پر تعزیتی بیانات کے علاوہ کچھ بھی نہیں ہو رہا ہے۔ "میں کہتی ہوں کہ اگر یہ واقعی انصاف کی ریاست ہے۔۔۔ اگر یہ واقعی مسلمانوں کی ریاست ہے۔۔۔ اگر یہ واقعی ریاست مدینہ ہے تو ہمارے مجرموں کو فی الفور قانون کے مطابق سزا دی جائے۔ انھیں سامنے لایا جائے۔ آخر ہم کب تک اپنے لوگوں کی لاشیں اٹھاتے رہیں گے۔" معصومہ نے اپنے بھائی محمد صادق کے حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا ہے کہ "میرے والد ضعیف ہیں۔ میرا بھائی ہم چھ بہنوں، بوڑھے والد، اپنی اہلیہ اور اپنی دو بیٹیوں کا واحد کفیل تھا۔ وہ تو محنت مزدوری اور رزق حلال کمانے کے لیے اپنے شہر سے میلوں دور گیا تھا۔ میرے بھائی، میرے رشتہ داروں اور سارے مارے جانے والوں کا سیاست سے کوئی تعلق نہیں تھا۔ ان لوگوں کو تو سرنگوں میں مزدوریاں کرتے ہوئے یہ بھی پتا نہیں چلتا تھا کہ دن ہے کہ رات۔

انھیں موت کی گھات اتار دیا گیا۔

معصومہ کی کہانی آنسوؤں میں ڈھل رہی ہے۔ 2011 رواں دواں تھا کہ روشنیوں کے شہر کراچی سے دل چھلنی کر دینے والی خبر سننے کو ملی کہ ایک نہتے بے گناہ شخص کو محافظین وطن نے سر عام گولیاں مار کر قتل کر دیا کچھ دیر بعد ویڈیو منظر عام پہ آئی جس میں مقتول ہاتھ جوڑ کے جان کی بھیک مانگتا نظر آیا مگر درندہ صفت بھیڑیوں وحشی نما انسانوں نے خونی دہن کی تشنگی بجھانے کو معصوم بے گناہ شہری کے لہو سے سڑک رنگین کر دی۔ 5 رینجرز اہلکار گرفتار ہوئے معاملہ عدالت پہنچا کاندی سزا ہوئی مگر معاملہ آمدنہ ہو سکا ملزمان کے اہلخانہ نے سزا کے خلاف اپیل دائر کی تو ایک تاریخوں کا طویل سلسلہ چل پڑا آخر صدر ممنون حسین صاحب نے خون معاف کی کفین چٹ دے کر انصاف کی دھجیاں بکھیر دیں ایک بار پھر زخم تازہ ہوئے آنکھیں اشکبار ہوئیں سینے چھلنی ہوئے جب جنوری 2018 میں شہر کراچی سے نقیب اللہ محسود جیسے خوبرو نوجوان کے ماورائے عدالت قتل کی خبر منظر عام پہ آئی۔

اس خبر نے تہلکہ مچا کے رکھ دیا اور صرف یہی نہیں بلکہ راؤ انوار جیسے بدنما خونخوار حرام خوری کی آدم خوری کے تمام قصے عوام کے سامنے لا کے رکھ دیئے گویا نقیب اللہ محسود نے راؤ انوار کے جرائم کا پردہ فاش کرنے کی قیمت اپنی جان دے کے چکائی۔ ایک بار پھر معاملہ عدالت پہنچا مقتول کے ضعیف والد ہر ماہ پیشیاں تاریخیں بھگتنے لگے باجود اینڈ کمپنی نے ہر بار کی طرح فراہمی انصاف کی یقین دہانی کروائی مگر حاصل کچھ نہ ہوا یہاں تک کے عمر کے انتہائی حصے میں جوان بیٹے کی بیجانہ موت کا انصاف مانگتے مانگتے ایک بے بس لاچار باپ بارگاہ ذوالجلال میں جا پہنچا ہوا انکی رحلت کے بعد نقیب اللہ محسود کے ساتھ اٹھائے جانے والے دو گوا

شال بقیہ 1

دھرنے پر پہنچے اور شرکا سے مجلس کی تدفین کی درخواست کی لیکن ان کی کوششیں بھی بارآور ثابت نہ ہوسکیں۔ دھرنے کے شرکا نے وزیراعظم عمران خان کی کوئٹہ آمد تک دھرنا ختم کرنے اور مجلس کی تدفین سے انکار کیا ہے۔ دریں اثناء کچھ واقعہ کے خلاف مرکزی انجمن تاجران بلوچستان اور اتحاد تاجران کی کال پر جمعرات کے روز صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں شٹرڈاؤن ہڑتال رہی، شٹرڈاؤن ہڑتال کے باعث کوئٹہ کے مرکزی علاقوں میں کاروباری مراکز بند رہے۔ تحصیلات کے مطابق جمعرات کے روز مرکزی انجمن تاجران بلوچستان اور اتحاد تاجران کی جانب سے کچھ واقعہ کے خلاف کوئٹہ میں شٹرڈاؤن ہڑتال کی گئی جس کے دوران شہر میں تمام چھوٹے بڑے کاروباری مراکز، مارکیٹیں پلازیں بند رہیں تاہم میڈیکل سٹورز، ہوٹلز وغیرہ کھلے رہے۔ مرکزی انجمن تاجران کے رہنماؤں عبدالرحیم کاکڑ، حضرت علی اچکزئی، حسن آغا، سید عبدالقیم آغا و دیگر نے کہا کہ کچھ میں 10 کانکنوں کے ہاتھ پیر باندھ کر بے دردی سے قتل کیا گیا جس کی جتنی مذمت کی جائے وہ کم ہے، اس طرح کے دہشت گردانہ واقعات سے بلوچستان کے کاروباری ماحول کو سخت نقصان پہنچا ہے انہوں نے کہا کہ صوبہ میں جگہ جگہ سیکورٹی فورسز کی چیک پوسٹیں ہیں ہر جگہ عوام کی چیکنگ کی جاتی ہے غریب کانکن بچوں کا پیٹ پالنے کے لئے اتنی دور کام کرتے ہیں ہم کب تک خاموشی سے اپنے پیاروں کی لاشیں اٹھاتے رہیں گے۔

شال بقیہ 2

حوالے سے بھی برہمی کا اظہار کیا گیا اجلاس میں دونوں محکموں کو کانوں میں مزدوروں کا ڈیٹا فوری مرتب کرنے کی ہدایت کی گئی۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی ہدایت پر ڈی سی پنجگور اور ڈی پی او کو عہدے سے ہٹا دیا گیا مچھ میں پیش آنے والے اندوہناک واقعے پر وزیراعلیٰ کا سخت ناراضی کا اظہار کیا وزیراعلیٰ کی صوبہ بھر میں سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کرنے کی ہدایت کی جبکہ چیف سیکرٹری بلوچستان نے سانحہ مچھ میں غفلت برتنے پر وزیراعلیٰ کی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر مچھ کو فوری طور پر عہدے سے ہٹانے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ڈپٹی کمشنر مچھ کو فوری طور پر ایس ایڈی اے ڈی رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

شال بقیہ 3

غور کیا اجلاس میں وفاقی وزرا اور تحریک انصاف کے سینیٹر رہنما شریک ہوئے، وزیراعظم کو سانحہ مچھ سمیت ملکی سیکیورٹی کی صورتحال پر بریفنگ دی گئی اور اجلاس میں وزیراعظم عمران خان کے دورہ کوئٹہ پر بھی مشاورت کی گئی۔ ذرائع کے مطابق اجلاس کو سانحہ مچھ کی اب تک کی تحقیقات سے متعلق بریفنگ بھی دی گئی۔ ذرائع کے مطابق اب تک وزیراعظم عمران خان کی کوئٹہ روانگی کے حوالے سے کوئی حتمی فیصلہ نہیں ہوا ہے، ممکن ہے کہ سیکیورٹی خطرات کی وجہ سے ان کی روانگی کا وقت خفیہ رکھا جائے۔ خیال رہے کہ چند روز قبل بلوچستان کے علاقے مچھ میں مسلح افراد نے کوئلے کی کان میں کام کرنے والے 11 افراد کو فائرنگ کرکے قتل کر دیا تھا قتل ہونے والے تمام افراد کا تعلق ہزارہ برادری سے تھا جن کے لواحقین نے وزیراعظم کے پہنچنے تک لاشوں کی تدفین نہ کرنے کا اعلان کر رکھا ہے۔

شال بقیہ 4

بھٹو زرداری، سابق وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی، وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ، سینیٹر احسن اقبال، سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری، سینیٹر سردار یعقوب خان ناصر، سینیٹر پرویز رشید، سابق وفاقی وزیر دستگیر، رانا ثناء اللہ، رانا پرویز، ارکان بلوچستان اسمبلی اصغر علی ترین، یونس عزیز زہری، پیپلز پارٹی کے صوبائی صدر حاجی علی مدد جتک، جنرل سیکرٹری سید اقبال شاہ، سیکرٹری اطلاعات سردار سربلند جوگیزئی، مسلم لیگ (ن) کے صوبائی جنرل سیکرٹری جمال شاہ کاکڑ، نعمان خان ناصر سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ میں ایک بار پھر ہزارہ ٹاؤن آیا ہوں اور ایک بار پھر یہاں لواحقین سے تعزیت کرنے آیا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ہزارہ برادری کے بھائی، بہن سخت سردی میں لاشوں کے ہمراہ احتجاج کر رہے ہیں پاکستان میں ہر چیز مہنگی ہوگئی ہے لیکن ہزارہ برادری، عوام، مزدور، سیاسی کارکن، وکلاء کا خون سستا ہے آج تک ایک بھی شہید کے ورثاء کو انصاف نہیں ملا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے دور حکومت میں بھی شہدا کے لواحقین نے نعشوں کے ہمراہ احتجاج کیا تھا جس پر ہم نے انکے تمام مطالبات کو تسلیم کرنے کے ساتھ ساتھ بلوچستان میں اپنی صوبائی حکومت برطرف کی۔ انہوں نے کہا کہ اب عمران خان کی حکومت ہے اور لوگ ایک بار پھر احتجاج کر رہے ہیں ہزارہ برادری کا صرف ایک مطالبہ ہے کہ انہیں جینے کا حق دیا جائے آج ملک کے گلی گلی، کوچے کوچے میں لوگ مچھ واقعہ کے خلاف احتجاج کر رہے ہیں۔

شال بقیہ 9

لواحقین کے غم میں انکے ساتھ شریک ہیں انہوں نے کہا کہ وزیراعظم جلد کوئٹہ آئیں گے وفاقی وزیر علی زیدی اور معاون خصوصی زلفی بخاری کوئٹہ آئے ہیں دھرنے کے شرکاء اور لواحقین سے مذاکرات کامیابی کی جانب جا رہے ہیں حکومت نے مظاہرین کے تمام مطالبات تسلیم کر لئے ہیں مسئلہ جلد حل ہو جائیگا انہوں نے کہا کہ افغان حکومت نے پاکستان کو دو مراسلے بھیجے ہیں جس میں لکھا گیا ہے کہ سانحہ مچھ میں جاں بحق ہونے والے سات افغان شہری جن میں سے تین کے لواحقین نے لاشیں مانگی ہیں، صوبائی حکومت تصدیق کر رہی ہے کہ اگر انکے قریبی لواحقین کوئٹہ میں ہیں تو مچھ میں پر انکا حق ہے اور اگر وہ افغانستان ہیں تو مچھ کو افغانستان بھجوائیں گے انہوں نے کہا کہ تمام سات لوگ کام کی غرض سے پاکستان آئے تھے۔ انہوں نے کہا کہ مچھ واقعہ کے اگلے روز کوئٹہ پہنچا اور لواحقین کے کیمپ میں گیا تھا۔

شال بقیہ 10

جاں بحق ہوئے جس میں 7 افغان شہری تھے، واقعے کی تحقیقات میں افغانستان، پاکستان کی معاونت کر رہا ہے، دونوں ممالک ملکر ملوث مجرمان کو کیفر کردار تک پہنچائیں گے۔ مراسلہ میں کہا گیا کہ پاکستان 7 افغان شہریوں کی لاشیں افغانستان بھیجنے میں معاونت کرے، معلومات ہیں افغان کان کن رسول داد غلام علی محلے میں محفوظ رہا، معلومات ہیں رسول داد غلام علی اس وقت بلوچستان میں زیر حراست ہے۔ مراسلہ کے مطابق افغان سفارتخانہ کو افغان شہری رسول تک قونصلر رسائی دی جائے، کوئٹہ میں موجود افغان قونصل جنرل پاکستان سیرالئیمیں رہے۔ مراسلہ پر ردعمل دیتے ہوئے ترجمان بلوچستان حکومت لیاقت شاہوانی نے کہا کہ افغان حکومت نے پاکستانی حکام کو مراسلہ بھیجا ہے جاں بحق کان کنوں میں 7 کا تعلق افغانستان سے ہے افغان حکومت نے مطالبہ کیا ہے کہ میتیں حوالے کی جائیں۔ لیاقت شاہوانی نے کہا کہ افغان حکومت 7 افغان شہریوں کو افغانستان میں دفنانا چاہتی ہے مراسلے پر قانونی طریقہ کار کے مطابق کام کیا جائیگا اور مراسلے سے متعلق قانونی معاملات کو دیکھ رہے ہیں۔

شال بقیہ 11

تعاون کریں گے۔ جمعرات کو وفاقی وزیر انسداد منشیات اعجاز احمد شاہ نے اے این ایف اکیڈمی اسلام آباد کا دورہ کیا، ڈی جی اے این ایف میجر جنرل عارف ملک بھی وفاقی وزیر انسداد منشیات اعجاز احمد شاہ کے ہمراہ تھے۔ وفاقی وزیر انسداد منشیات اعجاز احمد شاہ کو اکیڈمی کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اکیڈمی میں موجود سہولیات اور کورسز قابل تعریف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ منشیات کے روک تھام کے لئے ریسرچ پر زیادہ کام ہونا چاہئے، بہتر ریسرچ سے مدد لے کر مزید موثر اقدامات لئے جاسکتے ہیں۔ اعجاز احمد شاہ نے کہا کہ آپریشنز اور دیگر کاروائیوں کے لئے بھی بہترین صلاحیتوں کو بروئے کار لانا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ ٹریننگ میں مزید بہتری کے لئے بھرپور تعاون کریں گے۔ اعجاز احمد شاہ نے کہا کہ منشیات سے پاک معاشرہ ہماری آنے والی نسلوں کے محفوظ مستقبل کے لئے بے حد ضروری ہے۔ اس موقع پر وفاقی وزیر اعجاز احمد شاہ کی ڈی جی اے این ایف سے الگ سے ملاقات بھی ہوئی۔ منشیات کے خاتمے کے لیے ہر ممکن کاروائی کر کے مثبت نتائج کے حصول پر اتفاق رائے۔

شال بقیہ 12

گھناؤنے لوگوں کو گرفتار کر کے کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات نے کہا کہ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ ظلم و بربریت سے مچھ میں لوگوں کو شہید کیا گیا، وزیراعظم اور پاکستانی قوم کافی رنجیدہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ بات بھی ذہن میں رکھنی چاہیے کہ بدقسمتی سے بلوچستان میں دہشتگردی کی کارروائیاں بہت ہوتی تھیں اب اللہ تعالیٰ کے فضل سے کافی کم ہوگئی ہیں لیکن اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ کارروائیاں بالکل ختم ہوگئی ہیں دہشتگردی قومی مسئلہ ہے، ہم ان گناہوں کی سزا بھگت رہے ہیں جو کہ ہمارے ماضی کے حکمرانوں نے فیصلے کئے۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں پی ایس سمیت ایسے دلخراش واقعات رونما ہوئے ہیں، سیاسی جماعتوں کے رہنما کوئٹہ گئے ہیں اچھی بات ہے، یہ انسانی مسئلہ ہے، اس پر سیاست نہیں کرنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ بعض اوقات جب چیزیں سلجھاؤ کی طرف سے جاری ہوتی ہیں تو کچھ ایسے لوگ ہیں جو چیزوں کو بگاڑ پیدا کرنے کیلئے کوئی ایسی بات کر دیتے ہیں جس سے معاملات الجھاؤ کی طرف چلے جاتے ہیں۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ وزیراعظم بالکل کوئٹہ جائیں گے لواحقین سے ملاقات بھی کریں گے حکومتی وزیر کی حیثیت سے یہ کہوں گا کہ لاشوں کی تدفین کی جائے، تدفین کو وزیراعظم کے دورے سے منسلک نہیں کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ یہ واقعہ نہیں ہونا چاہیے تھا، سیکورٹی ادارے کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ باقی شہروں میں بھی احتجاج جاری ہے جو ان کا حق ہے لیکن میرے خیال میں اس سے یہ کام کرنے والے ہمارے دشمنوں کی کاز کو تقویت ملتی ہے وہ یہی چاہتے ہیں کہ میں افراتفری اور فرقہ واریت ہو۔

شال بقیہ 13

کے مغربی بائی پاس پر جاری ہزارہ برادری کے دھرنے سے خطاب کرتے ہوئے کہی، آغا محمد رضا نے کہا کہ مختلف ٹی وی چینلز پر دھرنے کے شرکاء کے مذاکرات کامیاب ہونے کی خبریں چلائی گئیں جنکی تردید کرتے ہیں اور یہ واضح کرتے ہیں کہ جب تک وزیراعظم عمران خان یہاں نہیں آتے ہم دھرنا جاری رکھیں گے انہوں نے کہا کہ اگر ہمارے مطالبات تسلیم نہ ہوئے تو علامتی

جنازوں کے ہمراہ اسلام آباد کی طرف مارچ کریں گے آغا رضا نے کہا کہ مفاد پرست عناصر جنہیں عوام نے مسترد کر دیا ہے دھرنے میں انتشار پیدا کرنے کی کوشش کر رہے ہیں ایسے عناصر باز رہیں اور شہداء کی میتوں پر سیاست کرنے سے گریز کریں۔

شال بقیہ 14

18314 ہوگئی جن میں سے مزید 10 افراد کے صحت یاب ہونے کے بعد اب تک مجموعی طور پر صحت یاب ہونے والوں کی تعداد 17893 ہوگئی صوبے میں کورونا وائرس کے 235 فعال کیسز موجود ہیں جبکہ اب تک ہونے والی اموات کی تعداد 186 ہے، رپورٹ کے مطابق صوبے میں مجموعی طور پر 163799 افراد کے ٹیسٹ کئے گئے ہیں جن میں سے 145485 میں وائرس کی تصدیق نہیں ہوئی جبکہ 379 کے نتائج آنے باقی ہیں۔

شال بقیہ 15

چاہتے ہیں جس کے لیے وہ انسانیت سوز مظالم قتل و غارت گری سے کام لے رہے ہیں تاکہ عوام میں حکومت کے خلاف بداعتمادی پیدا کی جائے یا عوام کو آپس میں دست و گریباں کیا جائے لیکن وہ یہ بھول رہے ہیں کہ عوام دوست اور دشمن میں تمیز رکھتے ہیں یہی وجہ ہے کہ عوام ایسے عناصر کی گرفتاری اور انہیں سخت سزا دینے کے لیے احتجاج کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ وفاقی اور صوبائی ادارے ملک دشمن عناصر کی سرکوبی کے لئے تمام ذرائع بروئے کار لا رہے ہیں اس وقت ملک دشمن اور تخریب کاروں کو نیست و نابود کرنے کے لیے یکجہتی کا مظاہرہ کرنا ہوگا موجودہ حکومت اور عوام کے لئے مزید مشکلات پیدا کرنے والوں کے عزائم ناکام بنانے کے لیے اپنی صفوں میں اتحاد و اتفاق پیدا کرنے کے علاوہ حکومتی مثبت پالیسیوں کو کامیاب بناتا ہے کیونکہ معصوم انسانوں کے ساتھ ظلم کرنے والے زیادہ دیر تک چھپ نہیں سکتے اور حکومت کے شکنجے میں ضرور آئیں گے سچ میں کان کنوں کے ساتھ ظلم و بربریت اور زیادتی پر پوری قوم دکھی ہے اور بہت جلد اس سفاکی کے پیچھے چھپے ہوئے دہشت گرد اپنے انجام کو انشاء اللہ ضرور پہنچائیں گے۔

شال بقیہ 16

ہے۔ پی ڈی ایم اور اپوزیشن جماعتیں اپنی چودھریاں چھپانے میں مصروف ہیں۔ پی ڈی ایم کے غبارے سے ہوا نکل چکی ہے۔ گیس پریشر میں اضافہ کیلئے حکام کو احکامات جاری کیے ہیں۔ کوشش کر رہے ہیں ملک سے گیس بحران کو ختم کریں۔ عمران خان کی قیادت میں پاکستان جلد ترقی کرے گا ایم این اے شاہ X اللہ خان مستی خیل نے کہا موجودہ حکومت نے تعمیر و ترقی کی طرف اہم قدم اٹھا رہی ہے دریا خان اور اور اسکے مضافات کو گیس کی فراہمی کے لئے سنگ بنیاد کا کام شروع کر کے حکومت نے عوام دوستی کا ثبوت دیا ہے انہوں نے وفاقی وزیر توانائی عمر ایوب سے اس منصوبے کی تکمیل کے بعد دیوالہ جنڈ نوالہ اور کلورکوٹ کو بھی گیس کی فراہمی کا مطالبہ کیا جس پر وفاقی وزیر نے موقع پر موجود محکمہ کے افسران کو فوری طور پر سروے کر رپورٹ کرنے کی ہدایت کی۔

شال بقیہ 17

تقریب میں صوبائی وزراء اور ممبران قومی و صوبائی اسمبلی نے بھی شرکت کی جن میں صوبائی وزیر صحت و خزانہ تیمور سلیم خان جھگڑا، وزیر اعلیٰ کے معاون خصوصی برائے اطلاعات و اعلیٰ تعلیم کامران بنگش، ممبران قومی اسمبلی شوکت علی، ناصر موسیٰ زئی اور شاہد خان خٹک جبکہ ایم پی اے ارباب وسیم، فضل الٰہی اور محمد فہیم خان بھی شامل تھے۔ مقامی رہنماؤں اور عمائدین سمیت پارٹی کارکنان نے بھی تقریب میں شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر صحت و خزانہ تیمور سلیم جھگڑا کا کہنا تھا صوبے کو خالص بجلی منافع اور گیس رائلٹی اور اس مد میں بقایاجات کے حصول میں اسد قیصر کا کردار اہم ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ اسپیکر قومی اسمبلی آئندہ بھی صوبے کو درپیش مسائل وفاقی سطح پر اٹھائیں گے اور ان کے حل میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔

شال بقیہ 18

12 ریکارڈ کیا گیا محکمہ موسمیات کے مطابق سردی کی لہر آئندہ چند روز تک برقرار رہے گی۔

شال بقیہ 19

تقریر کا نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا۔ واضح رہے کہ جمال شاہ کاکڑ کو مسلم لیگ (ن) کے قائد میاں نواز شریف کی ہدایت پر قائم مقام صدر مقرر کیا گیا ہے۔

شال بقیہ 20

نے کہا کہ بلوچستان میں انتشار پیدا کرنے کا مقصد ہی پیک کو متاثر کرنا ہے، بھارت ہمارے پڑوس کی سرزمین پاکستان کیخلاف استعمال کرتا ہے، بار بار معصوم لوگوں کو ہدف کیا جاتا ہے تاکہ فرقہ وارانہ کشیدگی بڑھے پھر فرقہ وارانہ کشیدگی پورے ملک میں پھیلتی ہے۔ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر کی صورتحال بھارت کیساتھ سے نکل چکی ہے، بھارت افغان امن عمل میں بھی اسپائلر کا کردار ادا کر رہا ہے وزیر خارجہ نے کہا کہ بھارت میں بھی مسلم برادری کو نشانہ بنایا جا رہا ہے، ان کا اقلیتوں کے ساتھ سلوک بھی دنیا دیکھ رہی ہے، بھارت میں اقلیتوں پر مظالم سے ان کا عالمی امیج متاثر ہو رہا ہے وہاں کسان سراپا احتجاج ہیں ان کی معیشت متاثر ہو رہی ہے، بھارتی حکومت اس سے توجہ ہٹانے کے لیے ہر حربہ استعمال کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی کوشش ہے پاکستان کسی طرح عدم استحکام کا شکار ہو، افغان امن عمل آگے بڑھ رہا ہے جس میں کچھ قوتیں رکاوٹ بننا چاہتی ہیں، ایسے کرداروں کو اسپائلر کہتے ہیں جو نہیں چاہتے افغان امن عمل آگے بڑھے، ہم کہتے ہیں افغانستان میں امن سے پورے خطے کو فائدہ ہوگا۔

شال بقیہ 21

اعلیٰ تعلیم کے مواقع مہیا کرنے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ کیونکہ کسی بھی معاشرے کی ترقی و بہتری کے لئے تعلیمی اداروں کا اہم کردار رہا ہے۔ اس موقع پر جامعہ کے وائس چانسلر نے انہیں جامعہ بلوچستان کی آمد پر خوش آمدید کہتے ہوئے فرنٹیئر کورٹ بلوچستان کے تعاون کا شکریہ ادا کیا۔ جن کے تعاون سے ہاسٹل کے بلاکس کو جدید تقاضوں سے آراستہ اور سہولیات کی فراہمی کو اہم کردار دیتے ہوئے کہا کہ صوبے کے مختلف دور دراز علاقوں کے طلبہ کو جامعہ اپنے محدود وسائل میں رہتے ہوئے اعلیٰ تعلیم سمیت رہائشی سہولیات مہیا کر رہی ہے۔ وائس چانسلر نے انہیں جامعہ کے مختلف تعلیمی، تحقیقی سرگرمیوں، مستقبل کے منصوبوں کے بارے میں بتایا۔ آخر میں انہیں جامعہ کی جانب سے یادگاری شیلڈ پیش کی۔

شال بقیہ 22

دلدل میں دھکیل دیا ہے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ اسلامی نظام کے نفاذ کے بغیر غریب کو ریلیف نہیں ملے گا۔ انہوں نے حکمران جماعت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ کشمیر کو آزاد کرانے کا دعویٰ کرنے والے عوام سے گرفتار ہونے والے بھارتی پائلٹ کو 48 گھنٹے بھی اپنی حراست میں نہ رکھ سکے اور بزدلی کا مظاہرہ کرتے ہوئے بھارتی پائلٹ واپس کر کے پاکستان کو دنیا میں بدنام کیا۔ اس سے قبل امیر جماعت اسلامی نے حافظ مشتاق احمد کی یاد میں ایک ریفرنس میں بھی شرکت کی۔

شال بقیہ 23

اور پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی قیادت بھی شریک ہوگی۔ احتجاجی ریلی کے بعد قائدین

خطاب کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ احتجاجی ریلی کو کامیاب بنانے کیلئے مسلم لیگ ن ساہیوال ڈویژن نے انتظامات کرنا شروع کر دیئے ہیں۔ ریلی میں ساہیوال ڈویژن کے تمام شہروں سے کارکنوں کے قافلے بھرپور شرکت کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت نے ملک کا بیڑا غرق کر دیا ہے۔ کرپشن کو ختم کرنے کا نعرہ لگانے والی حکومت نے کرپشن پہلے سے زیادہ کر دی ہے۔

شال بقیہ 24

ہزارہ برادری کے افراد کے قتل میں بھارت اور داعش ملوث ہے، داعش اور بھارت کی جمعیت علماء اسلام یہ ہزارہ برادری سے کیا دشمنی ہے انہوں نے کہا کہ قاتل نامزد نہ ہوں تو انکی ذمہ داری ریاست پر جاتی ہے، ریاست ہزارہ برادری کے قاتلوں کو بے نقاب کرے انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کو پہلے ہی دن کوئٹہ آنا چاہیے تھا اور وہ یہاں آکر قاتلوں کی نشاندہی کرتے نہ کہ انہیں فرضی انعام دیئے جاتے وزیراعظم یہاں آئیں اور قاتلوں کو گرفتار کرائیں انہوں نے کہا کہ ہم مان لیتے ہیں کہ قاتل غیر ملکی تھے اور انہیں بھارت سپورٹ کر رہا تھا لیکن انہیں بھی بے نقاب ہونا چاہیے انہوں نے کہا کہ جو بھارتی ایجنٹ پکڑے گئے انہیں اب تک کیوں سزا نہیں دی جاری انہوں نے کہا کہ عوام کی حفاظت ریاست کی ذمہ داری ہے ہم ہزارہ برادری کے ساتھ یکجہتی کرنے آئیں ہیں یہاں کسی قسم کی سیاست نہیں کریں گے ہم نے پہلے بھی جنازے اٹھائیں ہیں اور آئندہ بھی اٹھائیں گے یہ صدمہ بہت بڑا ہے اس پر ہم سب رنجیدہ ہیں۔

شال بقیہ 25

سڑکوں پر صفائی مہم چلائی گئی جس کے دوران سڑکوں کی صفائی کی گئی جبکہ کوئٹہ ایئرپورٹ سے مغربی بائی پاس پر دھرنے کے مقام تک وی وی آئی پی موومنٹ کے لئے مختلف سڑکوں کو بلاک کرنے کے لئے بریئرز بھی پہنچائے گئے۔

شال بقیہ 26

جائیں۔ وزیراعظم پاکستان عمران خان کا بلین ٹری منصوبہ اسی سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے جس میں عام شہریوں کی شرکت انتہائی ضروری ہے۔ انہوں نے یہ بات یہاں ایک خصوصی اجلاس میں کہی جس میں ساہیوال ڈویژن میں ماحولیاتی تبدیلی سے پیدا ہونے والی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ماحولیاتی آلودگی دور کرنے کیلئے ضروری ہے کہ عام آدمی کو بھی آگہی فراہم کی جائے اور سوسائٹی کو شامل کیا جائے تاکہ مسئلے کو مستقل بنیادوں پر حل کیا جاسکے۔ اس موقع پر کمشنر ناروال نے بھی بتایا کہ ایشیائی ترقیاتی بنک کے تعاون سے ساہیوال شہر کے لئے 12 ارب روپے کا سٹی ایمپرومنٹ پراجیکٹ کا افتتاح وزیراعظم کریں گے۔ جس کے تحت شہر کی تمام سیوریج اور واٹر سپلائی لائنیں تبدیلی کی جائیں گی جبکہ مزید نیو ٹیوب ویل واٹر فلٹریشن پلانٹس اور اور ہیڈ واٹر ریزرو واٹرز بھی تعمیر کئے جائیں گے تاکہ شہر کی ضروریات پوری ہوسکیں۔ اس کے علاوہ ویسٹ واٹر کو ری سائیکل کرنے کے لئے دو ٹریٹمنٹ پلانٹس بھی لگائے جائیں گے۔ بلین ٹری منصوبے کے تحت ڈویژن بھر میں 32 لاکھ 85 ہزار سے زائد پودے لگائے جائیں گے۔

شال بقیہ 27

نیب پاکستان نے مختلف کاروباری لوگوں سے غیر رسمی بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ نیب ایک خودمختار ادارہ ہے جو ملک میں کرپشن کے خلاف آزادانہ اور بلا تفریق کام کر رہا ہے ان کا کہنا تھا کہ نیب کا کام بدعنوانی اور کرپشن کی روک تھام ہے، صاف ستھرے طریقے سے کاروبار کرنے والے کاروباری لوگ نیب سے خوفزدہ نہ ہوں۔ انہوں نے کہا کہ نیب کا کام صرف گرفتاری اور ریکوری کرنا نہیں بلکہ کاروباری لوگوں کی مدد کرنا بھی ہے۔ غیر رسمی میٹنگ میں کاروباری لوگوں سے بات چیت کرتے ہوئے ڈی جی نیب بلوچستان فرمان اللہ کا کہنا تھا کہ گوادر کے زمینوں کے معاملے میں ادارہ ترقیات کے حکام سے ہماری میٹنگ ہوئی ہے۔ گوادر کے تمام اراضیات کا ریکارڈ کمپیوٹرائزڈ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ زمینوں کے معاملے میں اگر کسی کو شکایات ہیں تو تحریری طور پر ہمیں آگاہ کریں نیب کارروائی کرے گی۔ اس موقع پر چیمبر آف کامرس گوادر کے صدر میر نوید مگسی نے نیب کے افسران کو یہاں کے کاروباری لوگوں کے تحفظات سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ نیب کی جانب سے یہاں کے سات سو افراد کو نام نہاد نوٹس جاری ہو جانے سے کاروباری لوگوں میں سخت خوف و ہراس پایا جاتا ہے۔ انہوں نے نیب کے اعلیٰ افسران سے درخواست کی کہ زمینوں کے ریکارڈ میں ردوبدل اور فائلوں کی ڈیلنگ جیسی جعلسازیوں کو روکنے کیلئے نیب اپنا کردار ادا کرے۔

شال بقیہ 28

لئے کوئٹہ پہنچے۔ فیصل ایدھی نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ انتہائی افسوسناک واقعہ ہے، تعزیت کے لیے آیا ہوں، یہ سلسلہ رکنا چاہیے، پاکستان کو مشرقی وسطیٰ کی سیاست سے نکلنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کو اب آجانا چاہیے، دکھی افراد کی دلداری کرنا ان پر فرض ہے، دہشتگردی کو روکنے کے لیے وزیراعظم کو عملی اقدامات اٹھانا ہوں گے۔

شال بقیہ 29

انکشاف ہوا ہے۔ یہ انکشاف اسوقت ہوا جب مستحقین نے اسسٹنٹ ڈائریکٹر پی ایس پی سید عظمت اللہ شاہ کو تحریری طور پر درخواست دیکر موقف اپنایا کہ انکے انگوٹھے لگنے کے باوجود سنٹر انچارج مولوی ہدایت شاہ انکے پیسے اونہیں کر رہا جبکہ بعد ڈپٹی کمشنر ڈی عظیم کاکڑ نے واقع کا نوٹس لیکر سنٹر انچارج کو طلب کر کے فوری طور پر ایک لاکھ پچاس ہزار روپے وصول کر کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر سید عظمت شاہ کے حوالے کر دیے جنکے بعد مستحقین کو باقاعدہ طور پر ادائیگیاں شروع کر دی گئ۔ ڈپٹی کمشنر عظیم کاکڑ اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر سید عظمت شاہ نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے بتایا کہ مولوی ہدایت شاہ نے پہلے بھی 24 مستحقین کے پیسے انگوٹھے لگوا کر ہڑپ کئے تھے۔ انہوں نے کہا کہ انکو بلیک لسٹ کر کے فرنچائز بند کر دی گئی ہے وہ مستحقین جنہوں نے انگوٹھے لگائے ہیں اور انہیں پیسے نہ ملے ہیں یا جن کو سنٹر انتظامیہ کی جانب سے انگوٹھے نہ لگنے کا کہا گیا ہو وہ چند روز میں کے اندر اندر ڈی آئی ایس پی دفتر سے رابطہ کریں تاکہ ہم انکو ادائیگیاں کر سکیں۔

شال بقیہ 30

ملازمین کو برخاست کر دیا گیا سینٹری امور ٹھپ ہو کر رہ گئے مشینری جام ہوگئی رپورٹ کے مطابق تین ماہ گزر جانے کے باوجود میونسپل کمیٹی ڈیرہ اللہ یار کو بان سیلری فنڈ کی ادائیگی نہیں کی جاری بان سیلری فنڈ کی عدم ادائیگی کے باعث چیف آفیسر میونسپل کمیٹی سلیم خان ڈومکی نے ایک نوٹیفکیشن جاری کر کے میونسپل کمیٹی کے 80 سے زائد ڈیلی ویجز ملازمین کو ملازمت سے برخاست کر دیا ہے نوٹیفکیشن میں واضح طور پر لکھا گیا ہے کہ بان سیلری فنڈ کی عدم ادائیگی کی وجہ سے میونسپل کمیٹی ڈیلی ویجز ملازمین کو اجرت کی ادائیگی نہیں کر پا رہی فیول مشینری کی مینٹیننس اور اسٹیشنری کی مد میں میونسپل کمیٹی مقروض ہو چکی ہے تاہم ڈیلی ویجز ملازمین کو ملازمت پر نہیں رکھا جاسکتا ملازمت سے برخاست ہونے والے ڈیلی ویجز ملازمین کی اچانک برطرفی سے ملازمین میں شدید مایوسی کی لہر دوڑ گئی ہے جبکہ میونسپل کمیٹی کے سینٹری امور ٹھپ ہو کر رہ گئے ہیں فیول نہ ملنے سے مشینری بھی جام ہوگئی سینٹری امور سرانجام دینے والے ڈیلی ویجز ملازمین کا گھر بیٹھ جانے سے شہر میں صفائی ستھرائی کا کام بھی بند ہو گیا قومی شاہراہ

سمیت شہر کی اہم اور مصروف سڑکوں سمیت گلی محلوں اور مارکیٹوں میں جگہ جگہ کوڑا کرکٹ جمع ہونے سے گندگی کے ڈھیر لگ گئے اور تعفن پھیلنے سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔

شال بقیہ 31

کے شہداء کے قاتلوں کو گرفتار کر کے کیفر کردار تک پہنچانے حکومت بلوچستان کی جانب سے اجازت نہ ملنے کی وجہ سے کوئٹہ آنے میں تاخیر ہوئی، یہ بات انہوں نے جمعرات کو کوئٹہ کے مغربی بائی پاس پر جاری سانحہ مچھ کے شہداء کے لواحقین اور ہزارہ برادری کے دھرنے سے خطاب کرتے ہوئے کہی، انہوں نے کہا کہ ہم دو روز سے کوئٹہ آنے کے لئے کوشاں تھے لیکن حکومت بلوچستان کی جانب سے اجازت نہیں ملی سانحہ مچھ کی مذمت کرتا ہوں ہم شہداء کے لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں انہوں نے کہا کہ حکومت جلد از جلد قاتلوں کو گرفتار کر کے عبرت ناک سزا دیں پیپلز پارٹی شہداء کی جماعت ہے ہم اس غم سے واقف ہیں انہوں نے کہا کہ کراچی میں کہیں بھی سانحہ مچھ سے اظہار یکجہتی کے لئے دیئے گئے دھرنوں میں رکاوٹ نہیں ڈالی گئی میں خود ایئرپورٹ تک 2 گھنٹے میں طے کر کے آیا ہوں ہم کسی بھی احتجاج میں رکاوٹ نہیں ڈالیں گے۔

شال بقیہ 32

ہے جس کے ڈانڈے اسلام آباد سے مچھ تک ملتے جلتے ہیں، بات دہشت گردی سے بھی آگے نکل گئی ہے، مچھ سانحہ کے لواحقین کے زخموں پر پھاہا رکھنے کے بجائے حکومت کی جانب سے ان کے زخموں پر نمک پاشی کی جا رہی ہے، کوئٹہ واقعہ بد امنی پھیلانے کی سازش ہے، بلوچستان کے امن کو کرچی کرچی کر دیا گیا، اس واقعہ میں مذہبی منافرت نہیں بلکہ دشمن ملک کا ہاتھ ہوسکتا ہے، حکمرانوں کی ضمیر کی خلش محسوس کرتے ہوئے اقتدار چھوڑ دینا چاہیے کہ ملک چلانا ان کے بس کی بات نہیں ہے۔

شال بقیہ 33

ہوا جس میں پاور ڈویژن کی سرکلر قرض کی تازہ ترین صورتحال اور تجویزوں پر بریفنگ دی گئی۔ اعلامیہ کے مطابق سرکلر ڈیٹ مینجمنٹ پلان کے ذریعے سرکلر ڈیٹ کو کم سے کم کرنے کے لئے اقدامات کئے گئے ہیں، کمیٹی نے وز

لواحقین کے مطالبات کو مانتے ہیں منتظمین کے مطالبات کو نہیں، عبدالخالق ہزارہ

مذہبی عناصر کسی اور ایجنڈے کی تکمیل کے لئے شہداء کو استعمال کر رہے ہیں مذہبی شدت پسندی کو فروغ دینے کی کوشش کی جارہی ہے

سانحہ مچھ دہشتگردی کے حوالے سے اپنی نوعیت کا انوکھا واقعہ ہے اس واقعہ نے انسانیت کا سر شرم سے جھکا دیا ہے، صوبائی مشیر کھیل وثقافت

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے صوبائی وزیر مشاخان کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے چیئرمین صوبائی مشیر کھیل وثقافت عبدالخالق ہزارہ نے کہا ہے کہ آج جو پارٹیاں ہمارے غم میں شریک ہورہی ہیں کل انہی پارٹیوں کے دور میں بھی ہم پر حملے ہوتے رہے ہیں، احتجاج سب کا حق ہے مگر میتوں کے ہمراہ احتجاج نامناسب ہے اس بار کے دھرنے میں لواحقین اور منتظمین کے مطالبات الگ الگ ہیں کچھ مطالبات آئین سے ٹکراؤ کا باعث ہیں ہم لواحقین کے مطالبات کو مانتے ہیں منتظمین کے مطالبات کو نہیں مذہبی عناصر کسی اور ایجنڈے کی تکمیل کے لئے شہداء کو استعمال کر رہے ہیں مذہبی شدت پسندی کو فروغ دینے کی کوشش کی جارہی ہے۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کو ہزارہ ٹاؤن میں امام بارگاہ دلدل عصر میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ سانحہ مچھ دہشتگردی کے حوالے سے اپنی بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

بلوچستان عوامی پارٹی بلارنگ ونسل عوام کی خدمت پر یقین رکھتی ہے، میر نوراللہ لہڑی

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال کی قیادت میں بلوچستان میں ریکارڈ ترقیاتی کام ہورہے ہیں

جو کاغذوں کی بجائے زمین پر نظر آرہے ہیں جس کی ماضی میں کوئی مثال نہیں ملتی، مرکزی رہنما بی اے پی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما میر نوراللہ لہڑی نے کہا ہے کہ بلوچستان عوامی پارٹی بلارنگ ونسل عوام کی خدمت پر یقین رکھتی ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال کی قیادت میں بلوچستان میں ریکارڈ ترقیاتی کام ہورہے ہیں جو کاغذوں کی بجائے زمین پر نظر آرہے ہیں جس کی ماضی میں کوئی مثال نہیں ملتی۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کو اپنی رہائش گاہ پر ملاقات کرنے والے بی اے پی کے کارکنوں کے ایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ میر نوراللہ لہڑی نے بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

برقی لائنوں کی مرمت کے سلسلے میں بجلی بند رہے گی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق برقی تنصیبات اور لائنوں پر ضروری مرمت کے کام کے سلسلے میں 8 جنوری کو سریاب گرڈ اسٹیشن کے ٹیو جان محمد فیڈر دوپہر 2 بجے بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

ہزارہ برادری سے درخواست ہے کہ وہ شہداء کی تدفین کرے، نور محمد دمڑ

وزیراعظم عمران خان ہزارہ برادری سے اظہار یکجہتی، شہداء کے لواحقین سے تعزیت اور ہمدردی کرنے کیلئے کوئٹہ آئے گے

مچھ واقعہ میں ملوث دہشت گردوں کو ختم کرنے کیلئے حکومت سخت اقدامات اٹھارہی ہیں، صوبائی وزیر

کوئٹہ (این این آئی) بی اے پی کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے ہزارہ برادری سے اپیل کی ہے کہ وہ گزشتہ روز مچھ کے علاقہ کشتری میں دہشت گردوں کے ہاتھوں شہید ہونے والے شہداء کی تدفین کی جائے وزیراعظم عمران خان ہزارہ برادری سے اظہار یکجہتی، شہداء کے لواحقین سے تعزیت اور ہمدردی کرنے کیلئے کوئٹہ آئے گے وزیراعظم عمران خان کی ہدایت پر پہلے ہی وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید، ڈپٹی بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

صوبائی وزیر ریونیو میر سلیم احمد کھوسہ اپنے دفتر میں لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

سال 2021 کے لیے باہمی مشاورت سے کابینہ تشکیل دے دی گئی

ڈیرہ بگٹی (پ ر) ڈیرہ بگٹی پریس کلب (رجسٹرڈ) سے جاری ایک بیان میں کہا گیا کہ سال 2021 کے لیے باہمی مشاورت سے کابینہ تشکیل دے دی گئی، جس میں صدر امام بگٹی، جنیر مین محمد حیات بگٹی، وائس چیئرمین صابر علی بگٹی، سنٹرل ایگزیکٹو شہباز شریف بگٹی، سینئر نائب صدر محمد معصوم بگٹی، نائب صدر محمد وقاص بگٹی، جنرل سیکرٹری بلبان بگٹی، پریس سیکرٹری فیض محمد بگٹی، آفس سیکرٹری محمد رحیم بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

خضدار پریس کلب کابینہ کا بلامقابلہ منتخب ہونا خوش آئند اور قابل تحسین ہے، وڈیر محمد فاروق جاموٹ

خضدار (این این آئی) سیاسی وسماجی رہنماء وڈیر محمد فاروق جاموٹ نے خضدار پریس کلب کے نومنتخب کابینہ کو مبارک باد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ خضدار پریس کلب کابینہ کا بلامقابلہ منتخب ہونا خوش آئند اور قابل تحسین ہے، خضدار کے صحافیوں نے بھیشہ پورے ڈسٹرکٹ، بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

ضلعی چیئرمین زکوٰۃ کمیٹی قلات ککری عبدالنبی محمد شہی نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر کام شروع کردیا

مستنگ (آن لائن) ضلعی چیئرمین زکوٰۃ کمیٹی قلات ککری عبدالنبی محمد شہی نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر کام شروع کردیا اس موقع پر انہوں نے میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ زکوٰۃ ایک قومی فریضہ ہے اور یہ بیواں، یتیموں، نادار اور مساکین کی امانت بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

گورنر پنجاب چوہدری محمد سرور کا بھی ہزارہ برادری سے اظہار یکجہتی کیلئے کوئٹہ جانے کا اعلان

جہاں بھی ضرورت ہوگی دہشت گردوں اور انکے سہولتکاروں کے خلاف آپریشن کیا جائیگا، چوہدری محمد سرور

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب چوہدری محمد سرور کی صوبائی انرجی ڈاکٹر اختر ملک اور دیگر کے ہمراہ گورنر ہاؤس کے باہر سانحہ مچھ کیخلاف دھرنہ کے شرکاء سے اظہار یکجہتی۔ گورنر پنجاب چوہدری محمد سرور نے بھی ہزارہ برادری سے اظہار یکجہتی کیلئے کوئٹہ جانے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گرد پاکستان کے دشمن ہیں جہاں بھی ضرورت ہوگی دہشت گردوں اور انکے سہولتکاروں کے خلاف آپریشن کیا جائیگا۔ تفصیلات کے مطابق گورنر پنجاب چوہدری محمد سرور نے صوبائی وزیر انرجی ڈاکٹر اختر ملک، پولیٹیکل سیکرٹری ٹو گورنر پنجاب میاں کاشف اقبال اور ریسیز کمیشن پنجاب کے وائس چیئرمین وسیم بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

صحت مند معاشرے کی تشکیل کے لیے کھیلوں کا فروغ ضروری ہے، طارق علی بلوچ

جس علاقے میں کھیلوں کے میدان آباد ہوتے ہیں وہاں ہسپتال ویران ہوتے ہیں

اوتھل (این این آئی) محکمہ کھیل حکومت کے زیر اہتمام اوتھل میں منعقدہ آل پاکستان جام میر غلام قادر میموریل فٹبال ٹورنامنٹ کے مہمان خاص اور بلوچستان عوامی پارٹی کے رہنما سابق کونسلر و وزیراعلیٰ بلوچستان کے پرسنل اسٹاف طارق علی بلوچ نے کہا ہے کہ صحت مند معاشرے کی تشکیل کے لیے کھیلوں کا فروغ ضروری ہے، جس علاقے میں کھیلوں کے میدان آباد ہوتے ہیں وہاں ہسپتال ویران بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

جب میں قبضہ مافیا اور تجاوزات کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی، محمد احمد ظہیر

میڈیا سے متعلق لوگوں کو بھی چاہیے کہ وہ عوامی مسائل کی نشاندہی کریں، اسسٹنٹ کمشنر حب

حب (ٹ ن) اسسٹنٹ کمشنر حب لسبیلہ ریاز محمد احمد ظہیر نے کہا کہ بلوچستان کے صنعتی شہر حب میں قبضہ مافیا اور تجاوزات کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی ان خیالات کا اظہار انھوں نے شہر میں تجاوزات کے خاتمے سے متعلق اجلاس کی صدارت کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا اجلاس میں اسپیشل مجسٹریٹ خدا بخش رودینی، ڈی ایس پی حب سرکل یونس رضا، ٹریفک انچارج حب اصغر علی موندرہ میونسپل کا رپورٹر حب بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

بلوچستان عوامی پارٹی کے ضلعی صدر اسفندیار خان یار محمد زئی کا سرحدی شہر تفتان کا دورہ

تفتان (نامہ نگار) بلوچستان عوامی پارٹی کے ضلعی صدر اسفندیار خان یار محمد زئی کا سرحدی شہر تفتان کا دورہ تحصیل آفس کا افتتاح کیا اور نومنتخب تحصیل کابینہ کے ممبران سے حلف لیا تفصیلات کے مطابق بلوچستان عوامی پارٹی کے ضلعی صدر میر اسفندیار نے بی اے پی کے ضلعی رہنماؤں بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

ڈی ایم کی سطح پر ہونے والے احتجاجی مظاہرے اور جلسے انقلاب کی جانب پیش رفت ہیں، مولانا عبدالرحمن رفیق

پی ڈی ایم کی سطح پر ہونے والے احتجاجی جلسے کوئٹہ ملکی حکومت کے خلاف اور لانگ مارچ کی جانب اہم قدم ثابت ہوں گے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے ماتحت تحصیلوں اور یونٹوں کے امراء و جنرل سیکرٹریز کا نمائندہ اجلاس زیر صدارت ضلعی سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد منعقد ہوا جس میں پی ڈی ایم کے زیر اہتمام 13 جنوری کو لورالائی 17 کوئٹہ کے احتجاجی جلسوں کی بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

گیس بندش و پریشر کمی سے گھریلو زندگی بری طرح متاثر ہورہی ہے، قاری مہراللہ

کوئٹہ شہر کے اکثر علاقوں میں گیس نہ ہونے کی وجہ سے لکڑیاں اور سلنڈر جلانے پر مجبور ہوگئے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر قاری مہراللہ جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی مولوی محمد ابراہیم سیکرٹری اطلاعات مولوی رحمت اللہ حقانی مفتی صالح محمد سجاد نے کہا کہ کوئٹہ شہر میں سردی 9 منفی سینٹی گریڈ کے شدید سردی میں گیس بندش و پریشر بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

اے ڈی پی کے چیئرمین وصوبائی مشیر عبدالخالق ہزارہ احمد کوہزاد اور قادر ہاکل پریس کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

جہالت وغربت کی اصل وجہ تعلیم سے دوری اور سہولیات کا فقدان ہے، رحمت موسیٰ خیل

جسکی وجہ سے عوام قبائلی دشمنیوں کا شکار ہیں اور اپنے ہی وطن سے دوری کی زندگی بسر کرنے پر مجبور ہیں

لورالائی (این این آئی) مسلم لیگ (ن) ضلع ڈی کے جنرل سیکرٹری رحمت موسیٰ خیل نے کہا ہے کہ ضلع موسیٰ خیل صوبے کا ایک پسماندہ ضلع ہے جہاں پر عوام زندگی کے تمام بنیادی سہولتوں سے محروم ہیں جہالت و غربت کی اصل وجہ تعلیم سے دوری اور سہولیات کا فقدان ہے جسکی وجہ سے عوام قبائلی دشمنیوں کا شکار ہیں اور اپنے ہی وطن سے دوری کی زندگی بسر کرنے پر مجبور ہیں۔ یہ بات انہوں نے لورالائی میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ خصوصی طور پر موسیٰ خیل قوم کی زیلی بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

مرکزی جمعیت علماء اسلام نظریاتی اور جمعیت علماء اسلام نظریاتی کے انضمام کی خبروں میں کوئی صداقت نہیں ہے

مرکزی جمعیت علماء اسلام نظریاتی کا انکے ساتھ انضمام کی خواہش رکھنے والے احتفوں کی جنت میں رہتے ہیں، ڈاکٹر محمد اصغر تریری

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے صوبائی آرگنائزر ڈاکٹر محمد اصغر تریری نے کہا ہے کہ مرکزی جمعیت علماء اسلام نظریاتی اور جمعیت علماء اسلام نظریاتی کے انضمام کی خبروں میں کوئی صداقت نہیں ہے مرکزی جمعیت علماء اسلام نظریاتی کا انکے ساتھ انضمام کی خواہش رکھنے والے احتفوں کی جنت میں رہتے ہیں یہ بات انہوں نے جمعرات کو کوئٹہ پریس بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

ڈپٹی کمشنر پشین قائم لاشاری، جویریا ترین، ضیاء الرحمن اور اسسٹنٹ کمشنر حضرت ولی اور دیگر کاکڑ ینگ اینڈ ایمرجنگ بلوچستان کے حوالے سے منعقدہ سیمینار سے خطاب کررہے ہیں

سانحہ مچھ کے خلاف حب میں دھرنا قومی شاہراہ بلاک لسبیلہ پریس کلب حب کے سامنے احتجاجی کیمپ قائم

لسبیلہ (این این آئی) سانحہ مچھ کے خلاف حب میں دھرنا قومی شاہراہ بلاک لسبیلہ پریس کلب حب کے سامنے احتجاجی کیمپ قائم۔ مجلس وحدت المسلمین حب لسبیلہ کی جانب سے بقیہ نمبر 68 صفحہ 3 پر

دودوگاج میں زمین کا تنازعہ خوش اسلوبی سے حل ہوگیا

سردار زادہ میر ظفر جان ساسولی نے مسئلے کے حل میں اہم کردار ادا کردیا

خضدار (این این آئی) خضدار کے دور افتادہ علاقہ دودوگاج میں ساسولی قبیلے کے دو فریقین کا ملکیت پر تنازعہ چل رہا تھا، جس میں کافی مرتبہ فریقین ایک دوسرے کے ساتھ جھگڑا کررہے تھے تاہم گزشتہ روز سردار زادہ میر ظفر جان ساسولی دیگر قبائلی عمائدین کے ہمراہ دودوگاج بقیہ نمبر 69 صفحہ 3 پر

تعمیراتی کام پر حملہ بزدلانہ عمل ہے، اقوام مرغزانی

اس طرح کے حملوں سے ہمارے حوصلے پست نہیں ہونگے، صحافیوں سے بات چیت

سبی (نامہ نگار) تعمیراتی کام پر حملہ بزدلانہ عمل ہے، اس طرح کے حملوں سے ہمارے حوصلے پست نہیں ہونگے حملہ مزدوروں پر نہیں اقوام مرغزانی پر ہے جس کی دفاع کرتا جانتے ہیں اقوام مرغزانی، تفصیلات کے مطابق پچھلے ہفتے ورلڈ بینک کی جانب سے تعمیراتی اسکیم پر بارودی سرنگ بچھا کر حملہ کیا گیا تھا جس سے کام روکنے کی کوشش کی گئی تھی اور بارودی سرنگ کی وجہ سے زوردار دھماکا ہوا جس بقیہ نمبر 67 صفحہ 3 پر

جب تک ہر پاکستانی محفوظ نہیں ہوتا پورا ملک غیر محفوظ رہے گا، اقبال احسن

ملک میں دوبارہ دہشتگردی کا اٹھنا دراصل حکومت کی پالیسیوں اور ترجیحات کی ناکامی ہے

حکومت نے دہشتگردوں کا تعقب کرنے والے اداروں کو اپوزیشن جماعتوں کے پیچھے لگا دیا ہے، مرکزی سیکرٹری جنرل پاکستان مسلم لیگ (ن)

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سیکرٹری جنرل سینیٹر احسن اقبال نے کہا ہے کہ ملک میں دوبارہ دہشتگردی کا اٹھنا دراصل حکومت کی پالیسیوں اور ترجیحات کی ناکامی ہے حکومت نے دہشتگردوں کا تعقب کرنے والے اداروں کو اپوزیشن جماعتوں کے پیچھے لگا دیا ہے اور قومی ادارے دہشتگردوں کے بجائے احسن اقبال، مریم نواز، شاہد خاقان عباسی، مولانا فضل الرحمن سمیت دیگر لوگوں کے پیچھے گھوم رہے ہیں ہزارہ برادری کی بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

سی، چیف جسٹس بلوچستان جمال خان مندوخیل ڈسٹرکٹ جیل کے دورے آمد کے موقع پر سپرنٹنڈنٹ جیل عبداللہ خان کاکڑ جیل کو درپیش مسائل پر بریفنگ دے رہے ہیں

سانحہ مچھ ایک سوچی سمجھی سازش ہے جس کی جتنی مذمت کی کم ہے، شوکت خان لہڑی

خدارا وہ بے گناہ جانوں کا نقصان نہ کیا جائے اور اب ہم اس ناانصافیوں کے خلاف نکلیں گے

اوستہ محمد (آن لائن) سانحہ مچھ ایک سوچی سمجھی سازش ہے جس کی جتنی مذمت کی کم ہے ان خیالات کا اظہار سنی تحریک کے صوبائی صدر شوکت خان لہڑی نے اپنے ایک بیان میں کہا انہوں نے کہا کہ ہزارہ برادری کو نشانہ بنانا ایک گہری سازش ہے تاکہ فرقہ واریت ہے ہے انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت مکمل طور پر ناکام ہو چکا ہے اور وہ جان بوجھ کر کے حالات خراب کررہے ہیں انہوں نے کہا کہ خدارا بقیہ نمبر 74 صفحہ 3 پر

لسبیلہ کے نوجوانوں میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں ہے، ڈاکٹر جمیل احمد بلوچ

قوموں کی ترقی کا راز تعلیم میں پنہاں ہے تعلیم حاصل کرکے موجودہ دور درپیش چیلنجز سے نمٹا جاسکتا ہے

اوتھل (نامہ نگار) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو لسبیلہ ڈاکٹر جمیل احمد بلوچ نے کہا کہ قوموں کی ترقی کا راز تعلیم میں پنہاں ہے تعلیم حاصل کرکے موجودہ دور درپیش چیلنجز سے نمٹا جاسکتا ہے ہمارے پبلک سیکٹر کے اسکولوں میں تعلیمی معیار بہتر نہ ہونے کی وجہ سے بچوں کو تعلیم حاصل کرنے میں دشواری ہوتی ہے، ہمیں اپنی مادری زبان کے ساتھ ساتھ انگلش کو بھی اہمیت دینی چاہئے، بڑے افسوس بقیہ نمبر 70 صفحہ 3 پر

کوئٹہ ڈویژن سے بند کی گئی ٹرینوں کو فوری طور پر چلایا جائے، چوہدری نوید احمد

ریل سے صرف ریلوے مزدور کا روزگار وابستہ نہیں بلکہ سینکڑوں ہزاروں بلوچستانیوں کا روزگار بھی اس سے وابستہ ہے

کوئٹہ (این این آئی) جمہوری وطن پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات ونشریات چوہدری نوید احمد نے اپنے ایک بیان میں وزیراعظم عمران خان اور وزیر ریلوے اعظم سواتی سے اپیل کی ہے کہ کوئٹہ ڈویژن سے بند کی گئی ٹرینوں کو فوری طور پر چلایا جائے انہوں نے کہا کہ افسوس کی بات ہے کہ ایک طرف بڑھتی ہوئی مہنگائی کی بدولت عوام پریشانی سے دوچار ہیں اور دوسری جانب غریب عوام بقیہ نمبر 72 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی سے پی ٹی آئی کے صوبائی رہنما نواب خان دومڑ کی قیادت میں وفد ملاقات کررہا ہے

صوبائی حکومت عوامی مفادات کو مدنظر رکھتے ہوئے ترقیاتی اسکیمات متعارف کرواری ہے، حافظ محمد قاسم کاکڑ

عوام کی بہبود امنگوں کے مطابق ترقیاتی عمل اپنے پایہ تکمیل تک پہنچ سکے ہیں، ڈپٹی کمشنر نصیر آباد

نصیر آباد (ٹ ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد حافظ محمد قاسم کاکڑ نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت عوامی مفادات کو مدنظر رکھتے ہوئے ترقیاتی اسکیمات متعارف کرواری ہے تاکہ عوام کی بہبود امنگوں کے مطابق ترقیاتی عمل اپنے پایہ تکمیل تک پہنچ سکے ہیں تمام ڈسٹرکٹ ہیڈ آفیسران سال 2021-22 کے لیے اپنی اسکیمات کا پرپوزل دیں جس سے عوام کی مشکلات کا ازالہ ممکن ہوسکے حکومتی ثمرات عوام تک پہنچانا ہم بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

وفاقی محتسب نے خاتون کے شناختی کارڈ کا مسئلہ حل کردیا

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی محتسب کے اعلامیہ کے مطابق مسماۃ بی بی اشرف نے وفاقی محتسب میں درخواست دی کہ محکمہ نادرا نے بلاوجہ اس کا شناختی کارڈ بلاک کردیا ہے اس نے محکمہ میں متعدد بار درخواست دی کہ اس کے تمام کاغذات، ماں باپ کا ریکارڈ سب موجود ہے اس نے بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کوئٹہ میں خطاب کے دوران آبدیدہ ہوگئے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کوئٹہ میں خطاب کے دوران آبدیدہ ہوگئے، جمعرات کو ہزارہ برادری کے شہداء کے لواحقین سے خطاب کے دوران بلاول بھٹو زرداری آبدیدہ ہوگئے اور کچھ دیر کیلئے تقریر کرتے ہوئے رکے جس کے بعد انہوں نے اپنا خطاب مختصر کیا۔

پاکستان میں خاص کر بلوچستان محنت کشوں کے ساتھ بہت سے واقعات ہوئے ہیں، سلام بلوچ

مچھ جیسے المناک اور دردناک واقع کی مثال نہیں ملتی، احتجاجی مظاہرے سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان ورکرز فیڈریشن کے زیر اہتمام مچھ مائنرز ورکرز کے دردناک واقع کے خلاف میٹرو پولیٹن کے سبزہ زار احتجاجی ریلی نکالی اور پریس کلب کے سامنے مظاہرہ کیا گیا مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے فیڈریشن کے مرکزی جنرل سلام بلوچ، محمد کاکڑ طاہر علی ہزارہ، اقبال یوسفزئی، ملتان علی شمس خان، نیلی شکر خان، ریاض محمد زمان علی رضا مغل محمد کریم نے کہا کہ گزشتہ ہفتہ اور اتوار کے درمیانی شب مچھ کول مائنز کے ایریا سے 10 کانکنوں کو اغوا کرنا انتہائی بے دردی سے قتل کرکے لاشیں قریبی پہاڑوں میں پھینک دیے تھے واقع کے اطلاع ملتے ہی پاکستان ورکرز فیڈریشن کے قیادت مچھ پہنچ دھرنے پر بیٹھ گئے جب لواحقین نے لاشیں کوئٹہ لے جانے کا فیصلہ کیا تو فیڈریشن کے قیادت نے مچھ بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

حکومت جلد از جلد قاتلوں کو گرفتار کرکے عبرتناک سزا دیں، مراد علی شاہ

حکومت جلد از جلد فوری طور پر سانحہ مچھ کے شہداء کے قاتلوں کو گرفتار کرکے کیفر کردار تک پہنچائے

حکومت بلوچستان کی جانب سے اجازت نہ ملنے کی وجہ سے کوئٹہ آنے میں تاخیر ہوئی، وزیراعلیٰ سندھ

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ حکومت جلد از جلد فوری طور پر سانحہ مچھ کے شہداء کے قاتلوں کو گرفتار کرکے کیفر کردار تک پہنچائے حکومت بلوچستان کی جانب سے اجازت نہ ملنے کی وجہ سے کوئٹہ آنے میں تاخیر ہوئی، یہ بات انہوں نے جمعرات کو کوئٹہ کے مغربی بائی پاس پر جاری سانحہ مچھ کے شہداء کے لواحقین اور ہزارہ برادری کے دھرنے سے خطاب کرتے ہوئے کہی، انہوں نے کہا کہ ہم دو روز سے کوئٹہ آنے کے لئے کوشاں تھے لیکن حکومت بلوچستان کی جانب سے اجازت نہیں ملی سانحہ مچھ کی مذمت کرتا ہوں ہم شہداء کے لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں انہوں بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

کوئٹہ تحریک نفاذ فقہ جعفریہ بلوچستان کے صدر الحجتہ ہادی عسکری پریس کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

جمعیت علماء اسلام (س) امت کے بکھرے ہوئے شیرازہ کو متحد کرنے کی کوشش کررہی ہے، عبدالقیوم میرزئی

پی ڈی ایم کی تحریک کو جہاد کہنا جہاد اور امت مسلمہ کی توہین ہے چوروں اور لٹیروں کا دفاع خیانت کے مترادف ہے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام (س) بلوچستان کے سیکرٹری جنرل عبدالقیوم میرزئی نے کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام (س) امت کے بکھرے ہوئے شیرازہ کو متحد کرنے کی کوشش کررہی ہے پی ڈی ایم کی تحریک کو جہاد کہنا جہاد اور امت مسلمہ کی توہین ہے چوروں اور لٹیروں کا دفاع خیانت کے مترادف ہے فلسطین کے مظلوم مسلمانوں پر مظالم کو نظرانداز کرنا دانشمندی نہیں ہے اسرائیل تمام مسائل کی جڑ ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ملتان میں جمعیت علماء اسلام جنوبی پنجاب کے صدر بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

بی آر ایس پی کی جانب سے محمل گھمی کی خواتین کو ہنرمند بنا کر انھیں اپنے پاؤں پر کھڑا کیا جارہا ہے، سابق صوبائی وزیر

محمل گھمی (نامہ نگار) سابق صوبائی وزیر تعلیم نواب شمع پروین گھمی نے کہا ہے کہ بی آر ایس پی کی جانب سے محمل گھمی کی خواتین کو ہنرمند بنا کر انھیں اپنے پاؤں پر کھڑا کیا جارہا ہے جو کہ ایک خوش آئند بات ہے کیونکہ ہنر دینا اور انھیں روزگار کے مواقع فراہم کرنا بہت ہی ایک اچھا اقدام بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

سوئی پولیس کی کامیاب کارروائی گاڑی سے دو کلو چرس برآمد ملزم گرفتار

ڈیرہ بگٹی (نامہ نگار) سوئی پولیس کی کامیاب کارروائی گاڑی سے دو کلو چرس برآمد ملزم گرفتار ایس پی ڈیرہ بگٹی عطاء الرحمن ترین کے احکامات پر خلاف منشیات پر عمل درآمد کرتے ہوئے ڈی ایس پی سرکل سوئی عیسیٰ جان رندکی نگرانی بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

سوئی گیس کمپنی قلات کے صارفین کو گیس فراہم کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہوچکی ہے، حاجی عزیز مغل

شدید سردی میں سوئی گیس کی بندش سے قلات کے شہری ٹھٹھرنے پر مجبور ہیں

قلات (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی کے مرکزی رہنما حاجی عزیز مغل نے کہا ہے کہ سوئی گیس کمپنی قلات کے صارفین کو گیس فراہم کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہوچکی ہے شدید سردی میں سوئی گیس کی بندش سے قلات کے شہری ٹھٹھرنے پر مجبور ہیں قلات کے عوامی نمائندے شہریوں کو شدید سردی میں نا اہل سوئی گیس کمپنی کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ اخباری بیان میں کیا ہیں انہوں نے کہ ہے کہ سوئی گیس کمپنی قلات کے صارفین کو بقیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر

رکنی شہر میں دو روز قبل نامعلوم افراد نے رکنی شیر لورالائی روڈ میں دو کھوکھے اور ایک دوکان کو آگ لگادی

بارکھان (نامہ نگار) رکنی شہر میں دو روز قبل نامعلوم افراد نے رکنی شیر لورالائی روڈ میں دو کھوکھے اور ایک دوکان کو آگ لگادی لیکن رجب چوکیدار نے اپنی جان پر کھیل کر آگ پر قابو پالیا جس میں دکانداروں نے رجب چوکیدار کو 5000 ہزار کا انعام دیا جس جگہ پر یہ دکانیں جل چل بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر

سیکرٹری صحت نور الحق بلوچ اور پی ایم اے بلوچستان، بلوچ ڈاکٹرز فورم کے نہایت مشکور ہیں

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین کور کمیٹی نصیر آباد ڈویژن نے کہا ہے کہ سیکرٹری صحت نور الحق بلوچ اور پی ایم اے بلوچستان، بلوچ ڈاکٹرز فورم کے نہایت مشکور ہیں جنہوں نے ڈاکٹرز کو درپیش مسائل حل کرنے میں اہم کردار ادا کیا اور اسی وقت غیر قانونی ٹوئیٹیشن کو ختم کرنے کے لیے فوراً احکامات جاری کیئے۔ اپنے جاری کردہ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ سیکرٹری صحت کے اس اقدام سے ڈاکٹرز برادری میں اطمینان بحال ہوا ہے میں پی ایم اے بقیہ نمبر 66 صفحہ 3 پر

کالعدم تنظیم ایک بار پھر نئے یا پرانے ناموں سے سرگرم ہوچکے ہیں، ہادی عسکری

مچھ کے کوئلہ کان میں انتہائی بے دردی سے قتل کئے جانے والے اپنے پیاروں کی نعشوں کے ہمراہ سراپا احتجاج ہے

مادر وطن پاکستان کی سالمیت اور قومی یکجہتی کے فروغ کیلئے ہمہ وقت مصروف عمل رہیں گے

کوئٹہ (آن لائن) تحریک نفاذ فقہ جعفریہ بلوچستان کے صدر الحجتہ ہادی عسکری نے کہا ہے کہ کالعدم تنظیم ایک بار پھر نئے یا پرانے ناموں سے سرگرم ہوچکے ہیں، مچھ کے کوئلہ کان میں انتہائی بے دردی سے قتل کئے جانے والے اپنے پیاروں کی نعشوں کے ہمراہ سراپا احتجاج ہے قائد ملت جعفریہ آغا سید حامد علی شاہ موسوی کی پالیسی کے مطابق دین اور وطن کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا اور وطن پاکستان کی سالمیت اور قومی یکجہتی کے فروغ کیلئے ہمہ وقت مصروف عمل رہیں گے۔ ان خیالات بقیہ نمبر 65 صفحہ 3 پر

پیپلز پارٹی میں ہماری پارٹی رکنیت منسوخی کی بڑی وجہ ریکوڈک تھی، نواب رئیسانی

مشہور کہاوت ہے "چور مچائے شور" سب سے پہلے گھر میں چور ڈھونڈو بعد میں ہمسایہ پر چوری کا الزام ل